# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

### Thursday, February 27, 1986

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (State Bank Building), Islamabad, at half past four of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

*(RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN)*

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تُحَرِّمُوا۟ طَيِّبَـٰتِ مَآ أَحَلَّ ٱللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوٓا۟ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ
لَا يُحِبُّ ٱلْمُعْتَدِينَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوا۟ مِمَّا رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ حَلَـٰلًا طَيِّبًا ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ٱلَّذِىٓ
أَنتُم بِهِۦ مُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾

ترجمہ شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے!
اے ایمان والو! جن چیزوں کو خداوند تعالیٰ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے
انہیں حرام مت کرو اور حد سے تجاوز بھی نہ کرو۔ بیشک خداوند تعالیٰ حد سے
تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور جن چیزوں کو خداوند تعالیٰ نے
تمہارے لئے حلال کیا ہے ان کو کھاؤ وہ تو پاک ہیں۔ اگر تم ایماندار ہو تو
خداوند پاک سے ڈرتے رہو۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سوالات جو آج پیش کئے گئے ہیں وہ اور ان کے جوابات پڑھے گئے تصور کئے جائیں جیسا کہ فیصلہ ہوا تھا۔

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

### Thursday, February 27, 1986

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (State Bank Building), Islamabad, at half past four of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

*(RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN)*

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ
لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي
أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾

ترجمہ شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے!

اے ایمان والو! جن چیزوں کو خداوند تعالیٰ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے انہیں حرام مت کرو اور حد سے تجاوز بھی نہ کرو۔ بیشک خداوند تعالیٰ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور جن چیزوں کو خداوند تعالیٰ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے ان کو کھاؤ وہ تو پاک ہیں۔ اگر تم ایماندار ہو تو خداوند پاک سے ڈرتے رہو۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سوالات جو آج پیش کئے گئے ہیں وہ اور ان کے جوابات پڑھے گئے تصور کئے جائیں جیسا کہ فیصلہ ہوا تھا۔

## GOODS IMPORTED BY T.C.P. 1983—1985

158. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel:** Will the Minister for Commerce be pleased to state the names, quantity and value of goods imported by the trading corporation of Pakistan from 1983 to 1985, alongwith the names of countries from where these goods were imported?

**Mr. Mohyuddin Baluch:** Requisite information is placed at Annexure.

Annexure

STATEMENT SHOWING COUNTRY-WISE IMPORTS BY TCP DURING 1983-84 AND 1984-85

(Value Rs. in Million)

| Name of Commodities | Countries from where Imported | Units of Qty. | 1983-84 | | 1984-85 | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Qty. | Value | Qty. | Value |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| Aluminium | Canada | M/Tons | 2,039 | 44.901 | 3,766 | 86.981 |
| Bleaching Powder | India | " | 500 | 1.691 | — | — |
| Butter Oil | EEC Aid | " | 3,500 | 2.946 | — | — |
| | France | " | 600 | 15.330 | 800 | 21.182 |
| Copper | Belgium | " | 249 | 6.272 | 299 | 6.171 |
| Lead | Zambia | " | 99 | 0.604 | 254 | 2.255 |
| Nesprint | Sweden | " | 1,980 | 10.675 | 3,394 | 22.459 |
| Tea | Bangladesh | " | 700 | 17.710 | 980 | 31.891 |
| Nickle Braquities | Canada | " | 100 | 6.702 | 75 | 5.317 |
| Printing Machine | England | Nos. | 1 | 0.924 | | |
| Processing Equipment | Belgium | Nos. | | — | 9 | 0.140 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Jute Bags | Bangladesh | Bales | 6.646 | 14.776 | 31.123 | 73.285 |
| Coal | Poland | M Tons | — | — | 6.500 | 4.224 |
| Tea | India | ” | 420.9446 | 16.727 | 2225.551 | 73.387 |
| Big Cardamon | India | ” | — | — | 69.232 | 3.471 |
| Tamarind | India | ” | 581.1516 | 4.512 | 1609.4603 | 5.051 |
| Betel Leaves | India | ” | 197.437 | 4.753 | 10.0 | 0.914 |
| Carbon Electrodes | India | ” | 55.000 | 1.036 | 20.0 | 0.428 |
| Cutch Block | India | ” | 1.5768 | 1.707 | 3.1938 | 5.333 |
| Spices | India | ” | 208.4138 | 5.068 | 79.95 | 2.170 |
| Scientific instruments | India | Pieces | 26 | 0.137 | 48 | 0.023 |
| Betel nuts | India | M/Tons | 16.650 | 0.110 | 19.875 | 0.238 |
| Ginger | India | ” | 788.690 | 3.567 | 603.910 | 3.483 |
| Books | India | Nos/Sets Copies | 111 Nos. 164 Sets | 0.121 — | 2374 Nos. 386 Sets & 210 Copies | 0.164 |
| Bidi leaves | India | M/Tons | 489.680 | 38.729 | 109.620 | 28.368 |
| Onions | India | M/Tons | 5301.000 | 26.755 | 168.000 | 0.427 |
| Vegetable/Seeds | India | ” | 8.000 | 0.273 | 78.559 | 0.941 |
| Bleaching Powder | India | ” | — | — | 1000.000 | 2.744 |
| Tea patta | India | ” | — | — | 25.692 | 0.070 |
| Spare parts | India | Cases/parts | — | — | 6 cases 44 parts | 0.056 |
| Black Pepper | India | M/Tons | — | — | 15.807 | 0.828 |
| Various items | India | * | — | — | * | 1.510 |
| Total : | | | | 226.026 | | 383.511 |

"—" indicates Nil.

* Quantity of miscellaneous/different scales.

## CONSTRUCTION OF INCOME TAX OFFICES

159. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the amount being spent on the construction of the offices of the Income Tax Department at Peshawar and Quetta indicating the number of storeys of these buildings;

(b) the present progress of their construction indicating the likely date of their completion;

(c) whether there is any proposal under the consideration of the Government to construct a residential colony at Peshawar and Quetta for the Federal employees of Income Tax and other Federal Departments; and

(d) if so, the number of houses to be constructed, their location and other details thereof?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** (a) An amount of Rs. 11.569 million is being spent on the construction of office building for Income Tax Department at Peshawar. It is a four storeyed building. The amount being spent in Quetta on this account is 'Nil';

(b) The progress achieved on the construction of office building at Peshawar is 95% and it is expected to be completed by the June, 1986;

(c) No.

(d) Nil in view of the answer at (c) above.

## LOANS ADVANCED BY IDBP FROM 1982—85

160. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the amount of loans advanced to the Mining Industry in the private sector by the Industrial Development Bank from 1982 to 1985 and its province-wise break-up; and

(b) the names of companies who were advanced these loans?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** (a) The position of loans advanced to mining industry in the private sector by Industrial Development Bank of Pakistan from 1982 to 1985 is as follows:—

| | Loans advanced (Rs. in 000) | | Total (Rs. in 000) |
|---|---|---|---|
| | Foreign Currency | Local Currency | |
| Province of Baluchistan | 16289 | 2467 | 18756 |

As regards other Provinces, loans were sanctioned by the Industrial Development Bank of Pakistan in some cases but amounts were not actually advanced due to non-observance of required formalities by the parties concerned.

(b) In accordance with banking law and practice, information regarding state of account of customers cannot be divulged.

(161. *Already replied on 26th February, 1986.*)

RATES OF INTEREST ON LOANS ADVANCED BY FOREIGN COUNTRIES

162. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the rates of interest on various loans advanced by loan giving countries and agencies during the last 5 years; and

(b) the rates of interest being charged on the same loans when those credits are allocated to the public and private sectors?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** (a) The requisite information is placed on the table House (Appendix A).

(b) The requisite information is placed on the table of the House. (Appendix 'B').

**Appendix A**

## STATEMENT SHOWING RATES OF INTEREST ON FOREIGN LOANS AND CREDITS CONTRACTED BY PAKISTAN

| Lending Country/Agency | Interest rate 1980-81(%) | Interest rate 1981-82(%) | Interest rate 1982-83(%) | Interest rate 1983-84(%) | Interest rate 1984-85(%) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| | 9.25* | 10.60 | 11.43 | 10.47 | 9.89 |
| 1. I.B.R.D. | 9.60 | 11.60 | 10.97 | 10.08 | 9.29 |
| 2. I.D.A. | 0.75* | 0.75* | 0.75* | 0.75* | 0.75* |
| 3. I.F.C. | 12.25 | 13.75 | 11.25 | 11.25 | 11.25 |
| 4. I.F.A.D. | 1* | 1* | 0.8* | 1* | 1* |
| 5. A.D.B. | | | | | |
| Ordinary Fund | 9 | 11 | 10.50 | 10.25 | 10.25 |
| Special Fund | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |
| 6. Belgium | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 7. Canada | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 8. France: | | | | | |
| State Credits | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| Bank Credits | 8.5 | 8.5 | 10.9 | 10.9 | 10.9 |
| 9. Germany | 0.75 | 0.75 | 0.75 | 0.75 | 0.75 |
| 10. Italy: | | | | | |
| Capital Aid | 1 | 1 | 2.25 | 2.25 | 2.25 |
| Suppliers Credits | 7.5 | 7.5 | 7.5 | 7.5 | 7.5 |
| 11. Japan | 2.75 | 2.75 | 2.75 | 3.25 | 3.25 |
| 12. Netherlands | 2.5 | 2.5 | 2.5 | 2.5 | 2.5 |
| 13. U.S.A. | 2 | 2 | 2.3** | 2.3** | 2.3** |
| 14. China | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 15. Denmark | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 16. U.S.S.R. | 2.5 | 2.5 | 2.5 | 2.5 | 2.5 |
| 17. Switzerland | 3 to 6.75 | 3 to 6.75 | 3 to 6.75 | 3 to 6.75 | 3 to 6.75 |
| 18. Abu Dhabi | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 19. Kuwait | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 20. OPEC | 0.75* | 0.75* | 0.75* | 0.75* | 1 |
| 21. Saudi Fund | 3* | 3* | 3* | 3* | 3* |
| 22. I.D.B. | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |

* Service Charges.

**During grace period 2%, thereafter 3%.

*** Interest rate is not fixed for the life of the loan but is adjusted semi-annually on the basis of cost of qualified borrowing of IBRD.

*No loan was contracted during 1980-81.

**Appendix B**

## STATEMENT SHOWING THE INTEREST RATES CHARGED BY THE GOVERNMENT OF PAKISTAN FROM PUBLIC/PRIVATE SECTOR ON THE RELENT LOANS

| S. No. | Name of Deptt./Institutions | INTEREST Prior to 16-5-1982 | INTEREST *w.e.f.* 16-5-1982 |
|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 |
| **Public Sector** | | | |
| 1. | Deptts. of Federal or Provincial Governments for which no commercial accounts are maintaind. | The same rates on which borrowed. | The same rates on which borrowed. |

| 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|
| 2. | Deptts. of Federal or Provincial Governments for which commercial accounts are maintained. | 8-1/2% p.a. | 11% p.a. including exchange risk charges (3% p.a.) |
| 3. | Autonomous Bodies/Corporations of the Federal and Provincial Governments. | | |
| | (a) Projects of public utilities. | 8-1/2% p.a. | 11% p.a. including exchange risk charges (3% p.a.) |
| | (b) Projects other than public utilities. | 8-1/2% p.a. | 14% p.a. including exchange risk charges (3% p. a.) |
| **Private Sector** | | | |
| | (Through IDBP, PICIC, NDFC and Bankers Equity Ltd.) | 8-1/2% p.a. *plus* 3% p.a. exchange risk fee. On-lending rate by these institutions shall not exceed 14% p.a. to the final borrower. | 11% p.a. including exchange risk charges. The onlending rate to the final borrowers will not exceed 14% p.a. including exchange risk charges. |

All foreign loans negotiated/contracted by the Government of Pakistan for projects in private sector are channelled through one of the credit agencies/financial institutions (IDBP, PICIC, NDFC and Bankers Equity Ltd.).

## Quantum of Loans and Names of Countries

163. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the quantum of grant and loans and the countries from which they were obtained by Pakistan during the last 2 years and how were they being utilized.

(b) whether it is a fact that no such loan or grant is being allocated to the private sector and all is being exclusively placed at the disposal of the public sector; and

(c) whether there is any discrimination against the private sector, when the Government as a policy has already decided to encourage the private sector and to give it all facilities?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** (a) The required information is placed on the table of the House.

(b) No.

(c) No.

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

STATEMENT SHOWING THE QUANTUM OF GRANT AND LOANS, THE COUNTRIES FROM WHICH THESE WERE OBTAINED BY PAKISTAN DURING THE LAST 2 YEARS AND THE PURPOSE FOR WHICH THESE WERE OBTAINED

(Amount in $·million)

| Country | Quantum (1983-84 and 1984-85) | | | Purpose |
|---|---|---|---|---|
| | Grants | Loans | Total | |
| Belgium | — | 7.2 | 7.2 | Power sector (WAPDA). |
| Canada | 42.0 | 38.1 | 80.1 | Health and energy sector projects. |
| France | — | 48.2 | 48.2 | Irrigation, energy and transport and communication projects in the public sector and private sector project through PICIC and IDBP. |
| Federal Republic of Germany. | — | 169.1 | 169.1 | Power, transport and communicaton and health projects in the public sector and import of fertilizer and general commodities. |
| Italy | 10.0 | 24.4 | 34.4 | Crop maximization project and equipment for Pakistan Machine tool factory in the public/semi-public sector and agricultural development projects, (ADBP) and asbestos cement plant in the private sector. |
| Japan | 87.8 | 315.8 | 403.6 | Agriculture, ground water development, energy, transport and communication, culture and health projects in the public sector. |
| Netherlands | 8.8 | 23.3 | 32.1 | Women uplift, rural development, agriculture inputs and small scale industries projects in the public sector and PICIC and IDBP for private sector projects. |
| Norway | 21.1 | 2.2 | 23.2 | Power sector projects of WAPDA, T&T, agriculture inputs and private sector projects. |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|
| U.K. | 60.7 | 0.8 | 61.5 | Water sector and T&T projects in the public sector and glaxo laboratories in the private sector. |
| U.S.A. | 372.7 | 335.7 | 708.4 | Agriculture and forestory, agricultural commodities and equipment, irrigation systems management, population and health, energy sector, and area development projects in tribal area, NWFP, and Baluchistan. |
| U.S.S.R. | — | 278.4 | 278.4 | Power sector (WAPDA) and Pakistan steel. |
| China | — | 4.2 | 4.2 | Purchase of plant and machinery for manufacture of bicycles (private sector). |
| Switzerland | 9.2 | 1.0 | 10.2 | Left bank outfall drainage project in the public sector and tourism promotion services Ltd. (private sector). |
| Spain | — | 1.7 | 1.7 | Chemical plant (private sector). |
| Total (All Countries) | 612.3 | 1,250.1 | 1,862.4 | |

## UNATTRACTIVE AREA ALLOWANCE

164. ***Mr. Shad Muhammad Khan:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Batgram, Mansehra district Hazara division is an unattractive area;

(b) whether it is also a fact that employees of all other departments are regularly receiving unattractive area allowance in Batgram;

(c) whether the National Bank of Pakistan sanctioned the said allowance from 1-12-1985 *vide* their letter No. AD. REG. CB. UAA/33/541, dated 5-12-1985;

[Mr. Shad Muhammad Khan]

(d) whether it is further a fact that *vide* telegram of 29-12-1985 the National Bank Head Office, Karachi, stopped the payment of such an allowance to employees of National Bank in Batgram till further orders; and

(e) if so, the reasons for the stoppage of this allowance?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** (a) Yes.

(b) The Government employees posted in Batgram are allowed unattractive area allowance.

(c) Yes.

(d) Yes, at Batgram proper only.

(e) The allowance was granted by the National Bank of Pakistan at Batgram proper also which was later on stopped under instructions of the Pakistan Banking Council (PBC), since Batgram proper was not considered to qualify according to PBC's criteria.

INCOME FROM CUSTOMS AT KARACHI

165. ***Mir Yousaf Ali Khan Magsi:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) Income from Customs from the different Collectorate of Customs at Karachi for the years 1982-83, 1983-84, 1984-85 and the half year of 1985-86;

(b) The income from central excise from the Collectorate of Central Excise Karachi for 1982-83, 1983-84, 1984-85 and the half year of 1985-86; and

(c) The names of the Collectors of Customs and Central Excise during the above periods?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** (a) There are two Customs Collectorates in the Customs House, Karachi, namely Appraisement and Preventive, responsible for the collection of

customs duties, on the import/export of the goods from the sea/airport.

The gross and net customs duties realised by the Appraisement and preventive collectorate customs house, Karachi for the fiscal year 1982-83, 1983-84, 1984-85 and during the first six months of the fiscal year 1985-86 are as under :—

(Rs. in Million)

| Name of Collectorate | 1982-83 | | 1983-84 | | 1984-85 | | July—December 1985-86 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Gross | Net | Gross | Net | Gross | Net | Gross | Net |
| Appraisement Collectorate. | 15680 | 15346 | 17905 | 17678 | 18472 | 18228 | 9301 | 9150 |
| Preventive Collectorate. | 2946 | 1960 | 3138 | 1973 | 3686 | 2508 | 2295 | 1476 |
| Total : | 18626 | 17306 | 21043 | 19651 | 22158 | 20736 | 11596 | 10626 |

(b) The collection of central excise duty in the Collectorate of Central Excise, Karachi, was as under :—

| Year | Net collection |
|---|---|
| 1982-83 | Rs. 3,302.3 million |
| 1983-84 | Rs. 3,632.4 million |
| 1984-85 | Rs. 3,402.5 million |
| 1985-86 (first half year) | Rs. 1,591.4 million |

(c) During the year 1982-83, M. S. Naunehal Hussain Zaidi was the Collector of Central Excise, Karachi from 15-8-1983 to date Mr. Abrar Hussain Naqvi is the Collector of Central Excise Karachi.

### RELIEF FOR PENSIONERS RETIRED PRIOR TO 1974

166. ***Sahibzada Muhammad Ilyas:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that gazetted and non-gazetted pension holders alive prior to 1974 were paid gratuity (1/4th of pension) in

[Sahibzada Muhammad Ilyas]

lump sum and then the remaining 3/4th part of the amount of pensions in accordance with the rates provided in the old pension scheme; and

(b) whether there is any proposal to provide more facilities to such pensioners?

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** (a) Yes.

(b) The pensioners who had retired prior to 1974 have been sanctioned the following dearness increases:—

(1) Additional dearness increase equal to 10% of gross pension subject to a maximum of Rs. 25 per month *w.e.f.* 7-4-1975.

(2) Special *ad-hoc* increase at the following rates from 1-7-1980:—

| Those having retired in NPS | Increase Rs. p.m. |
|---|---|
| 1—10 | 40 |
| 11—16 | 70 |
| 17—18 | 100 |
| 19—20 | 150 |
| 21—22 | 200 |

(3) 10% upto a maximum of Rs. 200 *w.e.f.* 1-7-1981.

(4) 10% upto a maximum of Rs. 200 *w.e.f.* 1-7-1982.

(5) 10% upto a maximum of Rs. 200 *w.e.f.* 1-7-1983.

(6) As a result of indexation *w.e.f.* 1-7-1985:—

(a) 13-1/2% upto the amount of pension of Rs. 1500 p.m.

(b) 10% on pension of more than Rs. 1500 (provided that a pensioner falling in category (b) above will not be allowed less pension than Rs. 1703).

It has been the constant effort of the Government to improve the lot of pensioners. At present, however, there is no proposal to provide more facilities to the pensioners.

## Air Travelling by Ministers from 1977—1985

77. ***Maulana Kausar Niazi:** Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) the number of Ministers who travelled abroad exclusively by foreign airlines during the period from 5th July, 1977 to 5th December, 1985;

(b) the number of Ministers who travelled, wholly/partially, by P.I.A. during the said period;

(c) the amount spent on the purchase of the tickets of the Ministers by the Government during the said period; and

(d) the amount paid to the P.I.A. and to the foreign airlines on the purchase of their tickets, separately, during the said period?

**Sahabzada Yaqub Khan:** (a) 5.

(b) 56.

(c) Rs. 6,83,39,759.00.

(d) Rs. 6,75,73,787.00.

Rs. 7,65,972.00.

(Some of the record which is more than five years old is not readily traceable and may perhaps have been destroyed. Hence the information given above is not absolutely precise).

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : صاحب زادہ محمد الیاس صاحب کی طبیعت بوجہ زکام کھانسی ناساز ہے ' اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۷ر فروری کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : قاضی حسین احمد صاحب ایک ضروری کام کے سلسلے میں کراچی تشریف لے گئے ہیں ۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۷ر فروری کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : سرتاج عزیز صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری مصروفیات کی وجہ سے آج حاضر نہیں ہو سکیں گے ۔ جناب غلام محمد احمد مانیکا نے بھی اطلاع دی ہے کہ وہ آج کے اجلاس میں شریک نہیں ہو سکیں گے ۔

## PRIVILEGE MOTIONS

مولانا سمیع الحق صاحب نے ایک تحریک استحقاق کا نوٹس دیا ہے تو وہ پڑھ کر سنا دیں ۔ جناب مولانا سمیع الحق صاحب ۔

### (i) *RE*: MISLEADING INCORRECT REPORT ISSUED BY STATE DEPTT. AMERICA REGARDING PAKISTAN

مولانا سمیع الحق : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کا اجلاس ملتوی کر کے ایک ایسے مسئلہ کو زیر غور لایا جائے ' جس سے پورے ملک اور اس کے قانونی اور انتظامی اداروں ' پارلیمنٹ کا اور میرا استحقاق بھی مجروح ہوا ہے ۔

روزنامہ جنگ مورخہ ۲۶ر فروری نے اپنے فارن ڈیسک کے حوالے سے امریکی وزارت خارجہ کی ایک رپورٹ شائع کی ہے ' جس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں پولیس وارنٹوں کے بغیر لوگوں کے گھروں میں داخل ہو جاتی ہے ' مخالفین کے ٹیلی فون ٹیپ کئے جاتے ہیں ' تخریب کاری اور بغاوت کے ملزمین کو سزا دیتے وقت قانونی تقاضے پورے نہیں کئے جاتے ' پاکستان میں ڈکیتی ' چوری ' اغوا اور قتل کے واقعات بڑھ گئے ہیں ' رپورٹ میں حدود آرڈیننس کا تمسخر آمیز تذکرہ ہے ۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حکومت کی تردید کے باوجود اب بھی اخبارات کو ایڈوائس

دی جاتی ہے' سیاسی نظریات پر مبنی جرائد و کتب ضبط کر لئے جاتے ہیں اور یہ کہ پاکستان میں اقلیتوں کو وہ حقوق حاصل نہیں جو اکثریتی طبقہ یعنی مسلمانوں کو حاصل ہیں اور ملازمتوں اور تعلیمی سہولتوں میں اقلیتوں کے ساتھ امتیازی رویہ اختیار کیا جاتا ہے۔ حکومت نے غیر ملکی رہائشی پرمٹ جاری کرنے سے بھی انکار کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! میں یہ طویل رپورٹ کے چند ایک حصے پیش کر رہا ہوں جو کہ سراسر خلاف واقعہ ہیں اور غلط بیانی پر مبنی ہیں۔ اس رپورٹ سے میرے ملک، اس کی حکومت اور پارلیمنٹ کی دنیا بھر میں سبکی ہو سکتی ہے اور ملک کا وقار غلط انداز سے مجروح ہو گیا ہے۔ اس لئے ایوان اس مسئلے کا مکمل جائزہ لیتے ہوئے بحث کرے۔

**Mr. Zain Noorani:** Sir, I am completely in your hand and I leave it to you.

**Mr. Chairman:** Are you opposing it?

**Mr. Zain Noorani:** Of course I am opposing it because I do not understand where is the privilege of the Member and where the breach takes place. Therefore, I would like you to advise me on it as to where is the privilege and where is the breach.

**Mr. Chairman:** I think this is one thing which Maulana Sahib himself can answer Maulana Sami-ul-Haq.

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر استحقاق کیا مجروح ہو گا کہ ایک ملک اتنا عظیم ملک جس کے ساتھ ہمارے روابط ہیں اور تعلقات ہیں' وہ ہمارے پورے ملک کے بارے میں ایسا ایک بھیانک نقشہ پیش کرتا ہے جو سراسر جھوٹ ہے۔ یہاں الحمدللہ میرے خیال میں کوئی ایسا کیس نہیں ہوا کہ پولیس بغیر وارنٹ دکھائے گھروں میں گھس گئی ہو اور کسی کو گرفتار کیا ہو' نہ یہاں اقلیتوں کے حقوق غصب کئے گئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ دنیا بھر میں اقلیتوں کو وہ تحفظ اور سکون حاصل نہیں جو یہاں ہے۔ یہاں اکثریتی طبقہ اپنے حقوق کی قربانی دیتا چلا آ رہا ہے اور اقلیتیں وہ تمام مراعات حاصل کر رہی ہیں جس کی وہ بعض اوقات مستحق بھی نہیں ہوتیں۔ اس طرح یہاں کوئی کتاب' کوئی رسالہ جو سیاسی نظریات پر مبنی ہو' ضبط نہیں کیا گیا۔ اب اس موجودہ حکومت کے بارے میں اس وقت

**[Maulana Sami-ul-Haq]**

بھی اگر اس کا یہ جائزہ ہے تو میں اس حکومت کے ایوان کا اور پارلیمنٹ کا ایک رکن ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ پوری پارلیمنٹ، پوری انتظامی مشینری اور پورے ارکان جتنے بھی ہیں، وہ اس سے بدنام ہوتے ہیں، ان کا وقار مجروح ہوتا ہے۔ اس سے زیادہ استحقاق کیا ہو سکتا ہے کہ باہر کی دنیا کو ہم منہ دکھانے کے قابل نہ رہیں۔ ان کے پاس پروپیگنڈے کے ذرائع ہیں، ذرائع ابلاغ ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس کی پوری وضاحت کریں۔ جو الزام لگایا گیا ہے اس کا جواب دیا جائے، تب گویا ہمارا استحقاق بحال ہو گا۔

<u>مولانا کوثر نیازی:</u> پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین! ویسے مولانا نے جو تحریک پڑھی ہے، اگر آپ اس کے الفاظ پر غور فرمائیں تو وہ تحریک التواء ہے۔ انہوں نے شروع میں یہ کہا ہے اجلاس کی کارروائی ملتوی کر کے اس مسئلے پر غور کیا جائے۔ مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے اسے کس بنیاد کے اوپر تحریک استحقاق کی حیثیت سے ڈیل کیا، غالباً" اوپر تحریر عنوان تحریک استحقاق کا ہو گا۔ لیبل کچھ اور ہے اندر کچھ اور ہے۔ ویسے باتیں جتنی بھی ہیں رپورٹ میں وہ جناب صحیح ہیں۔

<u>مولانا سمیع الحق:</u> جناب چیئرمین! رات آپ نے ہم دو مولاناؤں کا تذکرہ کیا تھا اور آپ کی ہمیں نظر لگ گئی۔

<u>جناب چیئرمین:</u> میرے سوال کا جواب پھر بھی نہیں آیا، آپ نے کہا مولاناؤں کا.... اگر مولانا کی جمع مولاناؤں ہو سکتا ہے تو پھر میں اس کو قبول کر لیتا ہوں، جہاں تک پوائنٹ آف آرڈر کا تعلق ہے۔ یہ جو تحریک پیش کی گئی اس میں بہت واضح الفاظ میں لکھا ہوا ہے۔ "تحریک استحقاق" اس کے نیچے جیسے وہ دلائل ڈیو یلپ کرتا ہے اس کے بعد مضمون میں یہ درج ہے جیسے آپ نے سنا ہو گا کہ یہ سراسر خلاف واقعہ ہے اور غلط بیانی پر مبنی ہے اس رپورٹ سے میرے ملک اور حکومت اور پارلیمنٹ کی دنیا بھر میں سبکی ہو سکتی ہے، اور ملک کا وقار غلط الزامات سے مجروح ہو گیا ہے اس لئے ایوان اس معاملے کا مکمل جائزہ لیتے ہوئے بحث کرے۔

So he is presenting this as a privilege motion and I have no right to change it at my own and convert it into an adjournment motion unless he seeks my advice in the Chamber and that would be a different matter. But coming to the facts of the case......... آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

مولانا سمیع الحق: ذرا زین نورانی صاحب کو کچھ زحمت دے دیں۔

**Mr. Zain Noorani:** As far as the technicality is concerned I said before, "I leave it to you". Is it a privilege motion?

جہاں تک جذبات کا سوال ہے۔ میں معزز سینٹر کے ارشادات کی لفظ بہ لفظ قدر کرتا ہوں اور ان سے اتفاق کرتا ہوں اور انہیں یہ یقین دلاتا ہوں۔ اصل میں اخبارات کے اندر اس رپورٹ کا پورا متن نہیں چھپا ہے ' اس کے مثبت پہلو بھی ہیں اور منفی پہلو بھی ہیں ' مثبت پہلوؤں میں بعض اقدامات جو پاکستان میں کئے گئے ہیں ' مارشل لاء کا خاتمہ ' جمہوریت کی بحالی اور مختلف قوانین جو بنائے گئے ہیں ان کا ذکر کیا گیا ہے۔ لیکن جو منفی پہلو ہیں ' ان کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور میں معزز ایوان کو اور معزز سینیٹر کو یقین دلاتا ہوں کہ عنقریب ' جس طریقے سے بھی ہوا ' فارن آفس کو کہا جائے گا اور جتنی سختی سے اس معاملے کو امریکن حکومت سے لیا جا سکتا ہے ' لیا جائے گا اور پاکستان کے وقار کو ہمیشہ قائم رکھنے کی کوشش کی جائے گی۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر ' جناب والا! ہمارے محترم وزیر صاحب نے فرمایا کہ اس کے اندر کچھ تعریفات بھی کی گئی ہیں ' یہ بات ' یہ فلسفہ ہماری سمجھ میں نہیں آیا ' اگر ایک شخص ۵ صفحات سارے تعریف کے لکھ دیتا ہے لیکن آخر میں لکھتا ہے کہ یہ شخص ہے بے ایمان ' بس اتنا ہی لفظ بڑھا دے تو کیا وہ ساری تعریفیں اپنی جگہ پر رہ جائیں گی۔

جناب چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ' مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: میں بھی عرض کروں گا کہ تعریفات سے چونکہ ہمارا استحقاق مجروح نہیں ہو رہا تھا۔ اس لئے ہم نے وہ حصہ تو نہیں لینا تھا۔ میں بہرحال زین نورانی صاحب کے بیان کا خیر مقدم کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ وہ انشاء اللہ فارن آفس کے ذریعے پورے بھرپور طریقے سے جو اس کی طرف توجہ دے اور پوری دنیا میں اس کی صفائی کرے۔ کیونکہ ساری دنیا میں ان مسائل کا پروپیگنڈہ ہو رہا ہے اور بدنامی ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: میں تحریک کا کیا کروں؟

مولانا سمیع الحق: میں زور نہیں دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: اصرار نہیں کرتے ' تحریک پر تو اصرار نہیں ہو رہا ' لیکن ایک دو چیزیں جہاں تک تحاریک استحقاق کا تعلق ہے میں عرض کر دوں ' پہلے تو اگر اس کو آپ پڑھ لیں تو یہ ان

[Mr. Chairman]

دنوں سے تعلق رکھتا ہے جب ملک میں مارشل لاء تھا اور یہ حقیقت اسی رپورٹ میں جو کوئی یہ رپورٹ کر رہا ہے، وہ بھی پہچانتا ہے کہ یہ ان دنوں کے حالات ہیں تو اس سے جو آج کا سیاسی سیٹ اپ ہے اس سے، اس کا استحقاق یا اس کی ساکھ یا اس کی جو ریپوٹیشن ہے کسی طریقے سے مجروح نہیں ہوتی۔

مولانا سمیع الحق: حضرت ایسا نہیں ہے۔ میں نے اخبار شامل کیا ہے اس میں لکھا ہے کہ موجودہ حکومت کے انتخاب کے بعد سارا ہے .... (مداخلت)

جناب چیئرمین: میں نے پورا پڑھا ہے۔ جس پیریڈ کو وہ ریفر کرتے ہیں وہ اسی پریڈ کو ریفر کرتا ہے۔ اور دوسرا نکتہ یہ ہے اور یہ میرے خیال میں ذہن میں رکھنے کی چیز ہے۔ کئی دفعہ اس ہاؤس میں یہ کہا گیا ہے اور میں دوبارہ اس کو دہراتا ہوں۔

It is a well settled principle that no breach of a privilege could be found on views expressed and opinion recorded and published in newspapers much less the news reported in a foreign press by a foreign government, over which the Senate of the Government of Pakistan has no control.

اسی ہاؤس میں کئی دفعہ یہ رولنگ دی گئی ہے۔ میرا خیال ہے آپ آئندہ اس کو مدنظر رکھیں گے۔ تو پھر استحقاق کا یہ مسئلہ نہیں اٹھے گا، دوسرا مسئلہ جناب چشتی صاحب نے raise کیا ہے ابھی ابھی میرے پاس پہنچا ہے میں نے ابھی پڑھا ہی نہیں ہے تو چشتی صاحب پڑھ کر سنا دیں،

### (ii) *RE*: ADDITIONAL ARMS LICENCE FEE IMPOSED UNDULY BY THE DEPUTY COMMISSIONER, VEHARI

جناب ذوالفقار علی چشتی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، میں استحقاق کی تحریک پیش کرتا ہوں کہ ضلع وہاڑی کے ڈپٹی کمشنر نے کسی بھی قومی یا صوبائی حکم کے بغیر اپنے طور پر اسلحہ کے لائسنس پر یکطرفہ طور پر ۳۰۰ اور ۵۰۰ روپے کا اضافی ٹیکس عائد کیا ہے، اسلحہ کے لائسنسوں کا کوٹہ ہمیں مرکزی حکومت نے دیا ہے اور اس کے حکم کے تحت صوبائی حکومتیں ہمارے لئے اس کا اجراء کرتی ہیں، اس میں حکومت پنجاب کا عائد شدہ ٹیکس ہم ادا کرتے ہیں لیکن ڈپٹی کمشنر کے میرے علاقے کے لوگوں سے بغیر کسی قانون و اختیار کے اضافی رقم کی وصولی سے میرا باقی ممبران کے مقابلہ میں استحقاق یکساں نہیں رہا، لہٰذا ضلع مجسٹریٹ کی اس کارروائی سے میرا

استحقاق بلاواسطہ اور ایوان کا استحقاق بالواسطہ مجروح ہوا ہے۔ میرے استحقاق کو مجروح کرنے والی اس کارروائی کو فوری طور پر بند کیا جائے اور اس یکطرفہ کارروائی کرنے والے شخص کے معاملہ کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کر کے ضروری چھان بین کرتے ہوئے اس پر کارروائی عمل میں لائی جائے۔

جناب چیئرمین: کوئی اور وضاحت کریں گے۔

جناب ذوالفقار علی چشتی: سر، اس کے متعلق میں یہ گزارش کرونگا مجھے آج ڈپٹی کمشنر کے اسٹینو نے فون پر بتایا ہے کہ ہم نے تین سو روپیہ اور پانچ سو روپیہ فی لائسنس مقرر کر دیا ہے اور یہ earliest opportunity پر میں نے پیش کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ یہ بتائیے کہ اس سے آپ کا استحقاق کیسے مجروح ہوا، پہلے آپ کو استحقاق پہنچا کیسے، اور پھر مجروح کیسے ہوا؟

جناب ذوالفقار علی چشتی: میں نے وضاحت کی ہے کہ یہ لائسنس کا کوٹہ سنٹرل حکومت نے ایم این اے اور سنیٹرز کو دیا ہوا ہے کہ آپ ۲۰، ۲۰ لائسنس کی سفارش کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جن کی آپ سفارش کرتے ہیں ان کے behalf پر آپ فیس تو داخل نہیں کرتے۔

جناب ذوالفقار علی چشتی: سر، یہ فیس جو ہے، جو گورنمنٹ نے فیس مقرر کی ہوئی ہے وہ داخل کرتے ہیں یہ فیس ۳۰۰ اور ۵۰۰ روپے ڈپٹی کمشنر زائد وصول کر رہے ہیں چندہ بھی ہو، تو وہ قانونی طور پر جو ٹیکس عائد شدہ ہیں گورنمنٹ کے گزٹ نوٹیفکیشن یا بجٹ میں وہی لگائے جا سکتے ہیں، دوسرا ٹیکس ڈپٹی کمشنر نہیں لگا سکتا، اور اس کا آڈٹ بھی نہیں ہو سکتا، اس کو وصولی کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کسی صورت میں بھی استحقاق کی یہ شکل نہیں بن سکتی، اگر ڈپٹی کمشنر نے کوئی غلط کام کیا ہے، تو آپ محتسب کے پاس جا سکتے ہیں، آپ عدالت میں چارہ جوئی کر سکتے ہیں، آپ کمشنر کے پاس جا سکتے ہیں یا آپ صوبائی حکومت کے پاس جا سکتے ہیں۔ لیکن اس ہاؤس کا ڈپٹی کمشنر سے لائسنس فیس کے متعلق کوئی تعلق نہیں ہے اور یہ سنٹرل گورنمنٹ اور سینٹ کا مسئلہ نہیں ہے رولڈ آؤٹ، ایڈجرنمنٹ موشن، جناب مولانا کوثر نیازی صاحب نمبر ۱۰۶۔

## ADJOURNMENT MOTIONS; *RE:* FAILURE OF GOVERNMENT TO ELECT THE ADMINISTRATOR OF THE ISLAMABAD CLUB

مولانا کوثر نیازی: ایک دو روز قبل ہی اسلام آباد کلب کے ایڈ منسٹریٹر سات ساڑھے سات سال کے بعد ریٹائرڈ ہوئے۔ اس سارے زمانے میں کلب کے ممبران یعنی جنرل کونسل کی ایک میٹنگ نہیں ہوئی ' نہ ہی کلب کے عہدیداروں کا کوئی اجلاس ہوا ہے ' اب جبکہ سول حکومت کے بعد ملک میں جمہوریت کے سفر کا آغاز ہوا ہے ۔ اسلام آباد کلب کے ایڈ منسٹریٹر کی ریٹائرمنٹ کے بعد یہاں بھی جمہوریت کا سورج طلوع ہونا چاہیئے۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اس مسئلے پر غور کرنے کے لئے ایوان کی کارروائی روک دی جائے۔

**Mr. Chairman:** Is it being opposed?

جناب اقبال احمد خان: جناب میں اپوز کرنے کی جسارت کر رہا ہوں اور ساتھ یہ سوچ رہا ہوں کہ پاکستان کی سینٹ اور اسلام آباد کلب کا آپس میں کیا رشتہ ہے ' جس بنا پر یہاں اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: عضو مشترک تو مولانا صاحب خود ہیں جو اسلام آباد کو represent کرتے ہیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب فاضل منسٹر کے علم میں اضافے کے لئے میں عرض کر رہا ہوں ' اسلام آباد بیچارہ جو ہے یہ سینٹ ہی کی حدود میں ہے۔ پہلے بھی بارہا عرض کیا جا چکا ہے نہ کسی اسمبلی نہ کسی کارپوریشن ' کہیں اس کی داد فریاد نہیں ہے ' اسلام آباد کلب کا بہت ہی زیادہ تعلق سینٹ سے ہے۔ اب وہ کیوں اس کی مخالفت کر رہے ہیں ' وہ وجوہ ظاہر فرمائیں۔ اب وہ کوئی رول نکال رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: وہ تو خیر میں نکال کر دے دیتا ہوں۔

مولانا کوثر نیازی: آپ کے پاس تو رکھا ہوا ہے۔ آپ یقین فرمائیں کہ یہ موشن لکھتے وقت میں نے ایک دوست سے پوچھا ' کہ چیئرمین صاحب کلب کے ممبر ہیں یا نہیں ' مجھے تحقیق نہیں ہو سکی۔

جناب چیئرمین: چیئرمین صاحب کبھی کسی کلب کے ممبر نہیں ہوئے اور نہ میں بننا چاہتا ہوں لیکن سوال اس میں یہ ہے ایک تو معاملہ بہت ہی لوکل نیچر کا ہے۔ جو کہ جنرل پبلک انٹرسٹ کا نہیں

ہو سکتا، دوسرا اس میں سوال یہ ہے۔۔۔۔ (مداخلت)

مولانا کوثر نیازی: اگر گستاخی نہ ہو، تو حکومت کی سائڈ کو اگر سن لیا جائے اس کے بعد اگر آپ رولنگ ارشاد فرمائیں تو وہ مناسب ہو گا۔

جناب چیئرمین: وہی تو میں عرض کر رہا ہوں۔ آپ نے چونکہ فرمایا تو میں اس لئے عرض کر رہا ہوں۔ میں منسٹر صاحب کا انتظار کر رہا ہوں لیکن وقت بچانے کے لئے۔۔۔ (مداخلت)

مولانا کوثر نیازی: وہ تو آپ کی بات اٹھالیں گے۔ تو پھر وہ کیا فائدہ۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب چیئرمین: وہ خود بھی میرے خیال میں۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! میں تو اس لئے بیٹھ گیا تھا کہ شائد یہ کافی ہے ضروری نہیں کہ رول اے، کیونکہ شاید یہاں سے یہ ڈھونڈنا پڑیگا inadmissibility کے حساب سے کونسا اس پر لاگو ہو، تقریباً ساری کی ساری کلازز اس پر لاگو ہیں اب میں کونسی ڈھونڈوں جو ان کی favour میں ہو نہ یہ پبلک امپارٹنس کا معاملہ ہے نہ یہ recent occurrence ہے، انہوں نے فرمایا ہے کہ کئی سال سے تھے مگر اب وہ چلے گئے اور کلب کے رولز اینڈ ریگولیشنز ہمارے پاس نہیں ہیں، کہ کیا اس میں صورت حال ہو گی اور اس سلسلے میں سینٹ کا اس سے تعلق واسطہ نہیں ہے وہ ایک پرائیویٹ کلب ہے، اس کے اپنے رولز اینڈ ریگولیشنز ہونگے۔ وہ گورن اس سے ہوتی ہو گی، محترم مولانا اس کے ممبر ہیں تو ان کے رولز کے مطابق اگر ان کو کوئی ریلیف مل سکتا ہے تو اس کے مطابق یہ وہاں relevant اتھارٹی کو move کریں یا relevant ممبر کو یا میٹنگ requisition کریں، جو بھی اس کی صورت ہو، کیونکہ اس کی کاپی تو ہمارے پاس نہیں ہے تو یہ موشن کسی صورت میں بنتی نہیں ہے نہ اس ہاؤس کے اندر اس کو ڈسکس کیا جا سکتا ہے، تو میں نے اس لئے عرض کیا تھا کہ اس کا کوئی واسطہ ہے ہی نہیں، اگر زیادہ محسوس فرماتے ہیں تو۔۔۔ (مداخلت)

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں آپ سے عرض کروں گا اگر آپ اجازت فرمائیں یعنی انہوں نے یہ کہا، کہ یہ recent occurrence نہیں ہے، میں نے بتایا ایڈمنسٹریٹر ابھی دو دن پہلے ریٹائرڈ ہوا، اور اب اس کی ریٹائرمنٹ ایک ایسا واقعہ ہے اس کو بیس بنا کر میں عرض کر رہا ہوں کہ وہاں اب الیکشن ہونا چاہئے اور وہاں پھر مرکزی حکومت ایڈمنسٹریٹر مقرر نہ کر دے۔

[Maulana Kausar Niazi]

فاضل لاء منسٹر کو شاید یہ معلوم نہیں ہے کہ مرکزی حکومت کا بہت زیادہ دخل اسلام آباد کلب میں ہے۔ یہ سرکاری نظم ونسق کے ساتھ چلتی ہے اور اس کا ایڈ منسٹریٹر مرکزی حکومت ہی مقرر کرتی ہے، یہ بھی ان کی بات غلط ہے کہ یہ پرائیویٹ بات ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ان کی یہ دونوں باتیں بے بنیاد ہیں اور ابھی ان کو اور ایکسر سائز کرنے دیں اور پھر ان کی مدد فرمائیں تو شاید زیادہ مناسب ہو گا۔

جناب محمد اسلم خان خٹک : جناب والا! مولانا صاحب کی طرح میں بھی اس کلب کا ممبر ہوں اور میں مولانا صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ جو پوائنٹ انہوں نے raise کیا ہے، اس کو ہم فلی سپورٹ کریں گے کیونکہ مارشل لاء کے دنوں میں واقعی ایک ایڈ منسٹریٹر مقرر ہوا تھا جس نے بڑا اچھا کام کیا ہے۔ اب وہ چلا گیا ہے اور یہ جمہوری عمل ہے اور مولانا صاحب کی میں تائید کرتا ہوں کہ انشاء اللہ ہم اس کے الیکشن کرائیں گے اور صدر کو چنیں گے۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! میں اپنے فاضل لاء منسٹر، کی جگہ جناب وزیر داخلہ کی اس بات کے پیش نظر اپنی تحریک واپس لیتا ہوں۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کے توسط سے اپنے فاضل دوست مولانا سے اپیل کروں گا کہ آئندہ وہ اسلام آباد کی کسی بڑی مسجد کے بارے میں بھی ایک تحریک پیش کریں اور جناب اسلم خٹک صاحب ہمارے بزرگ ہیں، وہ بھی اسی طرح اس کی پر زور تائید کریں۔

مولانا کوثر نیازی : جناب آپ شاید بھول گئے ہیں کہ خطیبوں کی تنخواہ کا مسئلہ اس ناچیز ہی نے اٹھایا تھا۔ کلب کا لفظ کوئی ایسا نہیں کہ اس سے بدکا جائے۔ کلب ایک جائے اجتماع کو کہتے ہیں جہاں لوگ بیٹھتے ہیں اور اپنے مسائل ڈسکس کرتے ہیں۔ کلب کوئی غلط جگہ نہیں ہے۔ اور مسجد جو ہے وہ ایک اسلامی کلب ہے۔

جناب راحت سعید چھتاری : سر میں احتجاج کرتا ہوں کہ دو علماء نے مسجد کو کلب سے ملایا ہے۔

جناب چیئرمین : جہاں تک جمہوریت کا تعلق ہے میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا تھا

؎ تو کارے زمیں را نکو ساختی
که با آسماں نیز پرداختی

پہلے ہم اپنی اس جمہوریت کو ذرا مضبوط کریں۔ پھر کلبوں کی جمہوریت' آہستہ آہستہ وہ بھی آ جائے گی۔ جناب قاضی عبداللطیف صاحب اور جناب میرداد خیل صاحب' آپکی تحریک التوا

On the Indian Forces attack on the border villages of the Azad Kashmir

## (ii) *RE*: INDIAN FORCES ATTACK ON THE BORDER VILLAGE OF THE AZAD KASHMIR

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی ملتوی کر کے اہم قومی حالیہ وقوع پذیر واقعہ پر بحث کی جائے۔ نوائے وقت ۲۴ فروری ۱۹۸۶ء راولپنڈی کے مطابق آزاد کشمیر کے سرحدی دیہات پر بھارتی فوج کی فائرنگ جاری ہے۔ ایک عورت زخمی ہوئی ہے۔ یہ ایک ایسا واقعہ ہے جو ہماری سرحدات کے تحفظ سے تعلق رکھتا ہے' اسطرف مغربی جانب سے بھی ہمارے ساتھ یہی سلوک کیا جارہا ہے' اسطرف سے بھی یہ سلوک ہورہا ہے جبکہ ہم کہہ رہے ہیں کہ ہماری کشمیر کی سرحدات پر اس وقت پورا امن وامان ہے اور ہمارے انکے ساتھ معاہدے ہورہے ہیں امن کے معاہدے ہورہے ہیں تو یہ کیا واقعہ ہے' اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: آپ اس کی تائید کرتے ہیں؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جی ہاں میں تائید کرتا ہوں۔

**Mr. Zain Noorani:** Sir, in the first instance, I would once again like to stress that the date of getting knowledge of an incident does not take into account the urgency. The date is to be calculated or to be taken into account from the date on which the incident took place. I can appreciate that the honourable Senator must have come to know of some such incident from a newspaper report appearing on the 24th on which they gave the notice but let me tell you that neither on the 23rd nor on the 24th or after that there has been any firing of this type in this area. The firing if it took place, took place on the 8th, 9th, 11th and 12th February, 1986. Therefore, on this point alone the adjournment motion falls through. In addition to this you would appreciate Sir, that this can not be considered as an isolated and separate independent issue because when two forces across the ceasefire line faced one an other, eye ball to eye ball, this type of a thing has been going on for years together from time to time. And this is a part and parcel of the same. So on these two counts I feel that the adjournment motion is not admissible.

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! گزارش یہ ہے کہ ہمارے پاس اطلاعات کے ذرائع تو اخبارات ہی ہیں اور ان میں سے معتبر ترین اخبار نوائے وقت اور جنگ ہی ہو سکتا ہے یہ نوائے وقت کی اطلاع ہے۔ اسکے اندر الفاظ یہ ہیں کہ فائرنگ جاری ہے اور ایک عورت زخمی ہوئی ہے۔ ہمارے محترم وزیر نے فرمایا ہے کہ یہ ایک جاری معاملہ ہے۔ پھر تو یہ زیادہ تشویش ناک بن جاتا ہے اگر جاری معاملہ ہے اور پھر اسکے اندر ذکر یہ ہے کہ اسمیں ایک عورت زخمی ہوئی ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ آمنے سامنے جب وہ سپاہی آتے ہیں تو بسا اوقات ایسا ہو جاتا ہے۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ چیز' ایک غلط فہمی کی بنا پر تو ہو سکتی ہے اگر آمنے سامنے سپاہی آ جائیں اور ایک دوسرے کی حدود سے تجاوز کر جائیں۔ لیکن وہاں ایک عورت کا زخمی ہونا اسکا معنی تو یہ ہے کہ انہوں نے ہماری حدود کے اندر آ کر فائرنگ کی ہے اور عورت کو زخمی کیا ہے۔ یا تو آپ یہ فرما دیجئے کہ اخبار کی اطلاع غلط ہے اور اگر اخبار کی اطلاع غلط نہیں ہے اور جیسا کہ آپ فرما رہے ہیں کہ اس طریقے کے واقعات ہوا کرتے ہیں تو پھر یہ زیادہ مستحق اس چیز کی ہے کہ اس پر بحث کی جائے کہ ایسے واقعات کیوں ہو رہے ہیں' جبکہ ہم ایک دوسرے کو یہ اعتماد دلوا رہے ہیں کہ باہمی ہم ایک دوسرے سے مصالحت چاہتے ہیں۔ تو میری سمجھ میں نہیں آیا کہ ہمارے محترم وزیر صاحب اسکی مخالفت کیوں کر رہے ہیں؟

جناب زین نورانی : سمجھ میں کوئی چیز نہیں آتی تو اسکا میں کچھ نہیں کر سکتا۔ لیکن مجھ میں اتنی جرأت نہیں ہے کہ کسی اخبار کے بارے میں کہوں کہ اس نے غلط رپورٹنگ کی ہے' صرف اتنا کہہ سکتا ہوں کہ وہ وقت جو دیا گیا ہے اس میں کچھ غلط فہمی ہے لیکن ایک بات I would like وہ یہ ہے کہ to clarify Sir.

It is a fact that on the 12th February, 1986 as a result of a stray bullet from the Indian side, a civilian was injured. And there is no doubt on that. It was on the 12th of February.

اب رہا کہ ہندوستانی آ جاتے ہیں اور یہ معاملے ہو جاتے ہیں۔ آ جاتے وا جاتے کوئی نہیں ہیں۔ آمنے سامنے دونوں فوجیں کھڑی ہوئی ہیں اور جب دو فوجیں آمنے سامنے ایک دوسرے کو کھڑی دیکھ رہی ہوں تو بعض اوقات کوئی آدمی rash ہو جاتا ہے اسکی طرف سے فائرنگ ہوتی ہے اور پھر ہمارے لوگوں کو اسکا جواب دینا پڑتا ہے۔ یہ آج سے نہیں کئی سالوں سے ہو رہا ہے اس لئے موقع فراہم کیا گیا تھا' موقع دیا گیا تھا پارلیمنٹ کے ممبر کو اس قسم کے امور پر فارن

پالیسی کی بحث کے دوران ' اور وہ ہونا چاہئے تھا۔ وہ نہ ہوا تو ۰۰۰۰۰۰ (مداخلت)

**Mr. Chairman :** But was any action taken on the incident of 12th February?

**Mr. Zain Noorani :** Yes Sir, we immediately took up the matter with the United Nations about this serious violation of the line of control.

جناب چیئرمین : جناب قاضی صاحب آپ نے سن لیا ہے۔ جہاں تک فنی وجوہ کا تعلق ہے وزیر صاحب نے جو کچھ فرمایا میرا ان سے اتفاق ہے ' اس پر فارن پالیسی کی بحث کے دوران discussion ہو سکتی تھی اور دوسری بات یہ ہے کہ انہوں protest کیا ہے۔ لائن آف کنٹرول کا مطلب یہ ہے کہ دونوں فوجیں بیٹھی ہوئی ہیں۔ ایک یونائیٹڈ نیشنز کا آبزرور بھی بیٹھا ہوا ہے ' انہیں incidents کو روکنے کے لئے۔ تو یہ ایک انوکھی نوعیت کا واقعہ نہیں ہے بلکہ جب سے فائر بندی لائن establish ہوئی ہے ایسے واقعات ہوتے رہے ہیں۔ تو اس لحاظ سے یہ ایڈجرنمنٹ موشن کا subject نہیں بن سکتا۔

قاضی عبداللطیف : جناب ہمارا تو فرض تھا وزیر خارجہ کی اس طرف توجہ دلانا۔ اگر وہ اس سے مطمئن ہیں کہ ہماری سرحدات واقعتاً محفوظ ہیں تو پھر میں اس پر اصرار نہیں کروں گا۔

جناب چیئرمین : جی۔ ~~ٹھیک~~ جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب۔

## (iii) *RE*: ATTACK BY AFGHAN MALITIA IN PAKISTAN TERRITORY

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی میں مورخہ ۲۵ فروری ۱۹۸۶ء کو یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ افغان ملیشیا کی طرف سے پاکستانی علاقے پر حملہ کرنے سے ایک شخص ہلاک ہو گیا ' اور تین افراد کو اغوا کیا ہے۔ چمن کے قریب افغان مہاجرین کی ایک ڈسپنسری کو آگ لگادی اور ایک ڈرائیور جس کا نام لعل محمد تھا ہلاک کر دیا۔ اور تین ملازمین افراد کو اغوا کر کے افغانستان لے گئے ہیں۔ حملہ پاکستان کے علاقے میں سات میل اندر آ کر کیا گیا۔ اس اقدام سے ملک کی سالمیت اور بقا کے تحفظ کے پیش نظر ایوان میں بحث کی جائے۔

جناب زین نورانی: جناب میری آپ سے اور معزز سینٹر صاحب سے مودبانہ گزارش ہے کہ یہ ایڈجرنمنٹ موشن next time لیا جائے اس لئے کہ اس کی preliminary report تو آئی ہوئی ہے لیکن detailed report کیلئے پراونشل اتھارٹی جو وہاں پر ہے اس سے رابطہ قائم کیا گیا ہے ایک آدھ روز میں تفصیلی رپورٹ آجائے گی اسکے بعد اس پر اگران کو اعتراض نہ ہو تو بحث ہو جائے۔

جناب چیئرمین: منظور ہے؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جی ہاں انکو موقع دیا جائے۔

**Mr. Zain Noorani:** Thank you very much.

جناب چیئرمین: جی Next جناب اسحاق بلوچ صاحب نمبر ۱۱۰۔

## (iv) FOREIGN FISHING TRAILORS SAILING INTO COASTAL WATERS OF PAKISTAN

جناب محمد اسحاق بلوچ: میں تحریک کرتا ہوں کہ کوریا اور دیگر غیر ممالک کے ماہی گیروں کے ٹرالرز ساحل مکران پر ٹرالنگ کر رہے ہیں جس کے نتیجے میں نہ صرف ماہی گیری کی صنعت پر برا اثر پڑ رہا ہے بلکہ مقامی ماہی گیروں کے روزگار پر بھی بہت برا اثر پڑا ہے۔ اس سلسلے میں کئی بار حکومت سے احتجاج بھی کیا گیا تاحال اس پر کوئی عملی کارروائی نہیں کی گئی ہے۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان میں اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: جناب زین نورانی صاحب۔

**Mr. Zain Noorani:** I oppose Sir. Sir, as far as foreign trawlers are concerned, licences were given quite a few years ago on the specific understanding that they would fish beyond 35 miles from the pace line. Now I would also like to take the opportunity of assuring the honourable Senator if any concrete incident is brought to the notice of the Minister for Food and Agriculture, where any particular trawler or party has contravened the conditions of the licence, immediate action will certainly be taken, otherwise adjournment motion falls through Sir.

جناب محمد اسحاق بلوچ: جناب والا! قاضی عبدالمجید عابد جو ہمارے وزیر ہیں اسی معزز ایوان

میں ان سے میں نے گزارش کی تھی۔ علاوہ ازیں بلوچستان کے ساحلی علاقے میں ایک غیر ملکی ٹرالر کنگ ہے۔ بلوچستان کے ساحل گوادر پر آباد ماہی گیروں نے بڑے بڑے ٹرالروں کے ذریعے ماہی گیری پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس کا لائسنس منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ کیونکہ اسکی وجہ سے انکا ذریعہ آمدنی کم ہوتا جارہا ہے۔ ماہی گیروں کا ایک اجلاس سخی داد کی صدارت میں ہوا جس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ملک کے مفاد میں مچھلیوں کا ذخیرہ محفوظ رکھنے کے لئے غیر ملکی ٹرالروں کے تمام لائسنس منسوخ کردیں۔ اجلاس میں کہا گیا ہے کہ جنوبی کوریا، تائیوان، جاپان، تھائی لینڈ کے دولت مند، ممنوعہ علاقے میں ماہی گیری کررہے ہیں۔ جناب والا! یہ سلسلہ چار پانچ چھ سال سے جاری ہے۔ جب صوبائی حکومت سے کہا گیا تو اس نے کہا کہ یہ موضوع مرکزی حکومت کا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ مرکزی حکومت کیوں مجبور ہے۔ اس لئے کہ غیر ملکی دولت مند کچھ معاوضہ دیتے ہیں؟ معاوضے کے لالچ میں ہماری تباہی کا سامان نہیں ہونا چاہئے۔

جناب والا! ماہی گیری کی صنعت نہ صرف ایک اہم ترین ضرورت ہے بلکہ آمدنی کا ذریعہ بھی ہے۔ نومبر، دسمبر اور جنوری یہ تین مہینے جھینگوں کا سیزن ہوتا ہے۔ جب سے ان کو اجازت دی گئی ہے آپ یقین کریں چار ماہ گزر گئے، ہمارے ماہی گیر یومیہ دس جھینگے نہیں لاتے ہیں۔ کیا یہ ہم پر ظلم نہیں ہے۔ ہمارے ماہی گیر بیروزگار ہورہے ہیں اور دولت غیر ملکی کمارہے ہیں۔ غیر ملکیوں کے پاس بہترین آلات ہوتے ہیں۔ ان کے پاس ایک بہت بڑا جال ہوتا ہے وہ اپنے جال سے ہزاروں مچھلیاں پکڑ لیتے ہیں۔ اپنی پسند کی مچھلیاں تو وہ ان میں سے لے لیتے ہیں اور باقی مچھلیوں کو وہ سمندر میں پھینک دیتے ہیں۔ اور پھر اسی سے مچھلیوں میں بیماری پھیلتی ہے اور وہ مچھلیاں کنارے پر آجاتی ہیں۔ میں ایوان سے گزارش کروں گا کہ اس پر بحث کی جائے کیونکہ اس سے ہم بہت پریشان ہیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ جہاں تک تحریک التوا کا تعلق ہے، اس میں آپ کی تشویش بجا ہے۔ آپ نے جن خدشات کا اظہار کیا ہے وہ بھی اپنی جگہ صحیح ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یہ تحریک التوا کا موضوع بن سکتا ہے یا نہیں۔ جہاں تک رولز کا تعلق ہے۔ آپ نے خود ابھی ابھی فرمایا ہے کہ یہ سلسلہ پانچ چھ سال سے جاری ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ کوئی حالیہ واقعہ یا حادثہ نہیں ہے۔ اس لحاظ سے یہ تحریک التوا تو نہیں بن سکتی۔ لیکن میری آپ سے

[Mr. Chairman]

درخواست یہ ہوگی کہ آپ قاعدہ ۱۸۷ کے تحت ایک ریزولیوشن لے آئیں ۔ پرائیویٹ ممبرز ڈے کا انتظار کریں اور اس میں اگر وہ نکل آئے تو پھر اس پر بحث ہو سکتی ہے ' ویسے بھی وزیر متعلقہ سے درخواست کی جا سکتی ہے کہ وہ فشریز کمیٹی میں اسے زیر بحث لائیں ' یا اس کے لئے علیحدہ کوئی دن مقرر کریں ۔

جناب زین نورانی : جناب والا ! آپ کی طرف سے پہلے ہی یہ تحریک التوا خلاف ضابطہ قرار دی جا چکی ہے لیکن میں آپ کی اجازت سے آنر یبل سینیٹر کو صرف ایک اطلاع دینا چاہتا ہوں کہ گزشتہ کیبنٹ میٹنگ میں کیبنٹ نے باقاعدہ فیصلہ کیا ہے کہ کسی فارن ٹرالر کا لائسنس ختم ہونے کے بعد renew نہیں کیا جائے گا اور نہ کوئی نیا لائسنس دیا جائے گا ۔

میر نبی بخش زہری : سر ! باہر کے ٹرالر نہ صرف مچھلی جالوں میں پھنسا لیتے ہیں بلکہ وہ انسانوں کو بھی جالوں میں پھنسا لیتے ہیں ۔ اس لئے اس ریزولیوشن میں اس کا بھی تدارک ہونا چاہئے ۔

جناب محمد اسحاق بلوچ : جناب والا ! میں اس پر زور تو نہیں دوں گا لیکن اتنی گزارش کروں گا کہ بار بار ہمیں یقین دہانی تو کراتے رہتے ہیں اور یہ بھی کہتے رہتے ہیں کہ اب ہم انہیں لائسنس نہیں دیں گے اور یہ ہم بہت دنوں سے سن رہے ہیں ..... ( مداخلت )

جناب زین نورانی : رولڈ آؤٹ ہونے کے بعد پریس کرنے یا نہ کرنے کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے ؟

جناب چیئرمین : مولانا کوثر نیازی صاحب تحریک التواء ۱۰ ۔

## (v) *RE:* EXCHANGE OF PICTURES WITH INDIA AND EXHIBITION OF OLD INDIAN FILMS

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! میری تحریک کا متن یہ ہے ۔ روزنامہ جنگ راولپنڈی مورخہ ۲۴ ر فروری کے مطابق مرکزی حکومت کے وزیر ثقافت جناب غلام احمد مانیکا نے کہا ہے کہ حکومت بھارت کے ساتھ فلموں کے تبادلے پر غور کر رہی ہے اور حکومت پرانی فلموں کی نمائش کی اجازت دینے پر بھی سنجیدگی سے غور کر رہی ہے ۔ مرکزی وزیر ثقافت کے اس اعلان سے پاکستان کی فلمی صنعت میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے ۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ اس مسئلہ پر بحث کرنے کے لئے ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے ۔

جناب چیئرمین : جناب وزیر انصاف صاحب ۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! آج میرے معزز دوست مولانا کلبوں اور فلموں ہی کی نمائندگی فرما رہے ہیں۔ اب جناب میں اس کے متعلق کیا عرض کروں۔ خود ہی تو انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ حکومت بھارتی فلموں کے تبادلے پر "غور" کر رہی ہے اور پرانی فلموں کی اجازت دینے پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔ فیصلہ تو ابھی ہوا نہیں ہے۔ اس غور کے مرحلے پر غور کرنے کے بعد شاید مولانا اسی نتیجے پر پہنچ جائیں۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ قبل از وقت ہے۔ یہ رول ۷۱ (ی) کے تحت بھی ایڈمیسبل نہیں ہے اس لئے میں گزارش کروں گا کہ اس کو خلاف ضابطہ قرار دیا جائے۔

جناب چیئرمین: جناب مولانا کوثر نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! چونکہ متعلقہ وزیر موجود نہیں ہیں کہ وہ اس پالیسی پر کوئی بات کر سکیں۔ اس لئے لاء منسٹر صاحب آج رولز ہی کا سہارا لے رہے ہیں۔ جبکہ آپ نے بجاطور پر ایک سپیکر کانفرنس میں طے کیا تھا کہ گورنمنٹ کی توجہ مبذول کرانے کے لئے بعض تحاریک دی جاتی ہیں اور دی جانی چاہیں۔ جو بہت سی تحاریک یہاں پیش ہوتی ہیں ان کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے۔ رہی بات فلموں کی نمائندگی کی۔ تو فلم انڈسٹری پاکستان کی اسلامی حکومت میں 'خلافت راشدہ میں 'نو سال سے جناب والا! قائم ہے اور اس فلم انڈسٹری سے ٹیکسز یہ خلافت راشدہ وصول کرتی ہے اور اس خلافت راشدہ کے خزانے سے انہی ٹیکسز سے وزراء صاحبان کو تنخواہیں ملتی ہیں' تو اب اگر یہ بندہ ناچیز فلم انڈسٹری کے بارے میں لب کشائی کرے تو یہ کیسے ناجائز ہو گئی سوال یہ ہے کہ فلم انڈسٹری کی اہمیت اور افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا یہ تو نہیں کیا جا سکتا کہ اٹھا کر اس انڈسٹری کو سمندر میں پھینک دیا جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اسے اچھے کام کے لئے استعمال کیا جائے تو یہ اچھی 'اور برے کام کے لئے استعمال کیا جائے 'تو بری ہے۔ جناب وزیر قانون خدا جانے کب سے شیخ الاسلام کا سا انداز فرمانے لگے ہیں۔ مجھے تو حیرت ہے۔ اتنی بڑی داڑھی ان کے پیٹ میں چھپی ہوئی ہے مجھے خبر نہ تھی۔ بہرحال میں یہ عرض کر رہا ہوں جناب چیئرمین! کہ یہ مسئلہ بہت زیادہ گورنمنٹ کے کنسرن کا ہے یہ جو قاعدہ ۷۱ (و) ہے'

71(f) "It shall relate to a matter, which is primarily the concern of the Government or to a matter in which the Government has substantial financial interest."

[Maulana Kausar Niazi]

اس میں بہت زیادہ فنانشل انٹرسٹ گورنمنٹ کا چھپا ہوا ہے۔ یہ ٹرمنالوجی، میں بھی جانتا ہوں جناب چیئرمین! کہ غور ہو رہا ہے اور سنجیدگی سے غور ہو رہا ہے۔ اس کا کیا مطلب ہوتا ہے۔ جب ایک وزیر کہتا ہے کہ میں سنجیدگی سے مسئلہ پر غور کر رہا ہوں تو اس کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ مثبت انداز میں اس کا فیصلہ ہو گا۔ اس کو رول آؤٹ نہیں کروں گا اور اگر اس پر مثبت انداز میں فیصلہ ہوا، جس پر غور ہو رہا ہے تو پوزیشن جناب چیئرمین! اس وقت یہ ہے، میں فنانشل انٹرسٹ کی بات کر رہا ہوں۔ انڈیا میں بارہ ہزار سینما گھر ہیں۔ پاکستان میں چھ سو سینما گھر ہیں۔ انڈین فلم انڈسٹری میں پانچ ہزار فلمیں سالانہ بنتی ہیں۔ اور یہاں ایک سو فلمیں سالانہ بنتی ہیں۔ تھوڑا بہت فرق ہو گا۔ جناب جاوید جبار صاحب فلم انڈسٹری سے تعلق رکھتے ہیں وہ میری تصحیح کر دیں گے۔ لیکن کم و بیش تقریباً اعداد و شمار یہی ہوں گے۔ مقصد یہ ہے کہ وہاں سے ایک ریلے کا ریلا آ جائے گا یہاں پاکستان میں۔ ثقافتی یلغار کی بات الگ ہے۔ سینما گھر میں کیو لگ جائیں گے انڈین فلمیں دیکھنے کے لئے اور پاکستان انڈسٹری جو پہلے ہی بالکل ختم ہونے کو ہے وہ اور زیادہ نیست و نابود ہو کر رہ جائے گی اور جو انڈین فلموں سے یہاں ثقافت پھیلائی جائے گی۔ وہ الگ بات ہے۔ صدر محترم نے پیچھے فلم سازوں کے وفد سے یہ کہا تھا کہ فلمیں جو ہیں یہ دوستی کا آخری مرحلہ ہیں، ہندوستان سے ہماری دوستی ہو گئی اور تعلقات مستحکم ہو گئے تو پھر غور کیا جائے گا۔ ابھی ابتدائی مرحلے میں ایک وزیر صاحب کا یہ کہنا کہ سنجیدگی سے حکومت اس پر غور کر رہی ہے، یہ پاکستان کی فلم انڈسٹری کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے اور اس سے حکومت کا خزانہ جو ہے وہ بہت زیادہ متاثر ہو گا اور وزراء صاحبان کی تنخواہیں، قلیل ہو کر رہ جائیں گی۔ اس لئے میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ فاضل وزیر قانون اپنے دلائل پر نظر ثانی فرمائیں، پالیسی بیان دیں کہ وہ اس کو کریں گے یا نہیں کریں گے۔ وزیر ثقافت موجود نہیں ہیں جناب چیئرمین! آپ نے پہلے بھی کہا تھا متعلقہ وزراء موجود ہونے چاہئیں اب وہ ہوتے تو وہ کچھ بتاتے کہ ان کا عندیہ کیا ہے۔ وزیر قانون تو آج رولز ہی کی آڑ لینے پر تلے ہوئے ہیں، میں سمجھتا نہیں ہوں کہ بات کیا ہے۔ گھر سے شاید لڑ کر آئے ہیں۔

<u>جناب چیئرمین</u>: جہاں تک وزیر متعلقہ کا تعلق ہے ان کی درخواست میں نے آپ کو سنوا دی تھی کہ وہ آج کن وجوہ کی بنا پر حاضر نہیں ہو سکتے لیکن اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس تحریک التوا کو ملتوی کیا جائے اور جب وزیر متعلقہ تشریف لے آئیں تو اس دن لے لیا جائے تو ٹھیک ہے۔

<u>مولانا کوثر نیازی</u>: میں جناب یہی اصرار کروں گا کہ متعلقہ وزیر صاحب کے آنے تک اس تحریک التوا کو ملتوی کیا جائے۔

<u>جناب چیئرمین</u>: ٹھیک ہے۔ اتنے تک ملتوی کر دیتے ہیں۔

<u>مولانا کوثر نیازی</u>: بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب اقبال احمد خان</u>: میں نے مولانا کی فلموں کی نمائندگی پر اعتراض نہیں کیا میں نے تو ویسے کہا تھا کہ اتفاق ہے کہ آج ان کی نمائندگی ہو رہی ہے جن کی کوئی نمائندگی نہیں کرتا مولانا ان کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ تو خوشی کی بات ہے لہٰذا جہاں تک تنخواہ پاک اور پلید ہونے کا تعلق ہے وزراء کے ساتھ ساتھ جتنے بھی ممبران سینٹ ہیں ان کا بھی کچھ نہ کچھ مسئلہ ہے تو مل کر دیکھئے گا کہ پلید اور پاک کس کس کی ہو رہی ہے۔

**Mr. Chairman:** Next item. Further discussion on the following reports of the Council of Islamic Ideology:

Report for the year 1978-79 to 1983-84.

<u>قاضی عبداللطیف</u>: پوائنٹ آف آرڈر، جتنے تک تنخواہ کی کمی کا تعلق ہے تو وہ یہ معنی ہوا کہ

مگس کو باغ میں جانے نہ دیجو
ناحق خون پروانے کا ہو گا

<u>جناب چیئرمین</u>: یہ میرے خیال میں آپ اسی تحریک پر کہتے تو وہ زیادہ اپلائی ہو سکتا تھا۔

<u>جناب جاوید جبار صاحب</u>۔

I will make a request once again which I had made previously also that in making your observations and making your comments on the reports, please confine yourself to the required subject or at least keep the recommendations of the Council of Islamic Ideology in mind. That would be more relevant than making a general speech.

---

## GENERAL DISCUSSION ON THE REPORTS OF C.I.I.

**Mr. Javed Jabbar:** Thank you Mr. Chairman, for pointing that out because I did confine myself last time specifically to observations made by the Council of Islamic Ideology because this was going to be the very basis of my observations today.

**[Mr. Javed Jabbar]**

Sir, Article 230 in the Constitution describes the functions of the Council. Particularly sub-clause (c) and (d) and when one reads these sub-clauses (c) and (d), it appears that there is a very heavy responsibility upon the council to take very careful note of the existing laws and statutes and make adequate recommendations and then when you see the further implifications of what is to be done with the report provided by the Council. The legislatures in turn is like the buck being passed alone and the legislatures finally have this onerous responsibility of studying these documents and then trying to translate the concepts of proposals into practical legislation. I, therefore, submit Sir, that the Council in making any recommendations should take extraordinary care to ensure that whatever it recommends is practical and appropriate for the time in which we live without violating the spirit or the letter of Islamic principles. I feel Sir, that any criticism, that I make in the next few minutes, is intended to be constructive and constructive alone and when I say this particularly I would like my honourable friends who may differ with me not to assume that in making a criticism I am, therefore, automatically guilty of advocating Western way of life in Pakistan or advocating unethical or immoral values. Because with great respect I have listened to many of mine very elder and distinguished friends in the House and whenever there is a subject that has to do with modernization, modernization is equated with immorality or obscenity. My respectful submission is that I like to think that we in our way represent modernization. But I would also like to submit as a God fearing Muslim that I do not condone obscenity or immorality. I would claim to be as moral as any other Muslim. And I in turn will not charge any other person in this House or outside this House with being immoral or unfaithful to Islam.

Sir, I was very much touched by the definition given by my friend Qazi Abdul Latif yesterday to the concept of '*Ibadit*' that *Ibadit* or the plural or the collective concept of worship is not the ritualistic concept that is known by and large but that every act of our life, every single moment of our existence from this planet can be seen as *Ibadit*. Seeing from this perspective Sir, the Council of Islamic Ideology regrettably does not explore in any of the years that are under review the state and condition of our mosques. There is no attempt to examine what has happened to an institution that was supposed to be a

point of community action that in my ignorant view was conceived by the Prophet as a point of radicalising society of gathering together the different people changing a tribal society into a family based society. Changing the values from tribal to family and then building the concept of an *Ummah*. Unfortunately the Council has no observations at all to make and how we can now go about transforming the atmosphere that we find in the mosques today in Pakistan. Because I believe that the *Pesh Imams* of our mosques while they may be very effective in conducting prayers, do not attempt sufficiently to relate to the changed conditions of the community to which they have, I think, an obligation. And it is a difficult task how to make our *Pesh-Imams* more aware of what is happening in their community but I think the Council should address itself to this task.

Sir, in its report for 1983-84 on page(4), the Council recommends a fine for those not saying their Friday prayers, a fine of Rs. 250. Now, I am extremely surprised by this observation. Because first of all what is the average *per capita* income of a Pakistani. Sir, if you translate Rs. 4500 into twelve months, it barely comes to Rs. 400. Now, is it practical to ask a man to do this? But let us say the economic factor is not important. Purely on the administrative factor how is such a fine going to be levied? How is it going to be collected and what is going to be the procedure for deciding who has the authority to go around in a neighbourhood checking whether a person has said his Friday prayers in that mosque or some other mosque. So, this is what surprises one that a council before making such a recommendation should consider all the practical consequences.

Again Sir, in the report for 1983-84 on Page(1) it talks about the fact that *Azan* being necessary on TV and Radio. It talks about the need for a gap or a lapse in transmission to occur. My submission is Sir, that T.V. and Radio are simply two processes of national activity. National activity proceeds on the roads, house holds go about their business, airlines flights, trains go around and Television and Radio are simply two processes, of course, they are processes of '*ablagh*' or communication. But why is it imperative that they must stop functioning in order for people to say their *Azan*. Surely before TV and Radio came into this world people who wanted to say their prayers would proceed to say their prayers. And it was not through TV and Radio that Islam became the world's most dynamic religion. So we do

[Mr. Javed Jabbar]

not need TV and Radio to remain or to become the world's most dynamic *Ummah*. In *Sura Al-Araf* Sir, the Holy Quran says and I quote;

"Remember thy Lord
in thy soul, humbly and fear fully,
not loud of voice,
at morn and eventide. Be not thou
among the headless.
Surely those who are with thy Lord
wax not too proud
to serve Him; they chant His praise,
and to Him they bow."

Now the basic thought that comes through in these verses is sincerity, humility, quietude and restraint. It is not the amplification and exaggeration of religious fervour.

On page 3 in the Council's report for 1983-84 again, the Council comes up with another surprising recommendation. It says that prayer should be made compulsory for government departments and it goes further. It says that the increments and promotions given to government officials should be connected to the fact whether they say their prayers five times a day or otherwise? Of this, Sir, I think, it is taking a very good thought, but twisting it out of proportion. Because this can, in our context, be easily misused and I would only remind my much more learned friends that time and again Islam says there is no compulsion. I mean, there is a compulsion to accept the principles of Islam, but there is no *Ayat* to the best of my limited knowledge which says that you have to ensure that a man must pray five times a day. I stand to be corrected. So, there are potentials for misuse of such a recommendation, and.....*(interruptions)*...... لا اکراہ فی الدین

**Mr. Chairman:** I don't want to interrupt you but the compulsion part was very ably explained by Prof. Khurshid Ahmad, the other day when he elaborated what is meant by
That should be kept in mind.

**Mr. Javed Jabbar:** Thank you, Sir. I only wish to stress, Sir, that the linkage of any other aspect of a man's professional life should

be avoided. On page 4, Sir, again on 1983-84 report the Council goes on to make another very startling recommendation. It says that the Government should make arrangements for diaries to be distributed to every student in the country and every student is supposed to keep a note in the diary of the five prayers per day that he or she says. With due respect to the Council, I think, this is singularly most impractical recommendation. Again, how is this to be carried? Who is going to print these diaries? Who is going to collect them? Who is going to go around checking these diaries? We don't have time to give a meaningful education to our children. I think, the custodians of a child's faith are his parents, of course, primarily the community. The Council should, therefore, avoid such recommendations which take us towards pure ritualism instead of taking us towards a greater and genuine perception of God and *Allah*.

Sir, in the 1978-79 Report, on page 11, I find that there is a contradiction in the Council's conceptual approach to a vital issue such as the image of human beings. Now, on the one hand, the Council says that we should not print the Quaid's picture on currency notes. Fine, one does not wish to glorify people, one should avoid that. Then it goes on to talk about the use of television. Now what is the basic conceptual approach that the Council feels about the human image? Does a still picture constitute an un-Islamic expression? Whereas a picture in motion constitutes an acceptable version of the living image of a human being? I think, this is a very basic contradiction, and perhaps, the Council would like to illuminate us on how we can see this aspect?

Sir; '*Ibadat*' in Islam is an essential element but as we have said earlier, it is not ritualistic; it is not decorated. The use of the verses during prayer are not meant merely for us to repeat the verses but, in my view, to deepen and enrich our slow and *eternal* and always elusive for search truth. Because, obviously, we cannot always hope to find it in our life time. So, this comprehension of what we are saying when we pray that must be inculcated amongst the young people of our country.

Sir, about perception and understanding, it is vital at this point to draw the attention to so many references in the Quran which

[Mr. Javed Jabbar]

stress understanding rather than repetition. In *Sura 'Al-Araf' Allah* says:

"if you call them to the guidance
they do not hear;
And thou seest them, looking at
thee unperceiving.
Take the abundance, and bid to
what is honourable,
and turn away from the ignorant".

The emphsis is again on the understanding and again, in *Sura 'Al-Anfal'*, "surely the worst of beasts in *Allah's* sight are those that are deaf and dumb and do not understand. If *Allah* had known of any good in them, he would have made them hear".

So, the stress is throughout in this or in other Sura '*Al-Rome*' wherever one looks in the Quran, there is this constant stress on the use of the mind.

Sir, the Council's report under the title *'Istifsarat'* for 1984, page 78, refers to a key-question. But in my view, it glosses over it. It ducks the issue and it is a controversial subject but I think, it should be touched upon. This concerns the question of the validity or the authenticity of the translations of the Quran by non-Muslims. Now, one can easily say, Sir, there are many very able, very learned non-Muslim scholars of Arabic and the Quran, and there are very unable, not very distinguished scholars who are Muslims, but who don't do justice to the dictates of scholarship. Now is it fair, Sir, to deprive any student of history or student of religion who is a non-Muslim from interpretation only because he is a non-Muslim. If he is not being faithful to the script of the Quran, he can be detected and that text need not be allowed to be circulated? But to outright ban their translations and commentries only because they are written by non-Muslims would perhaps not be fair to the ideals of knowledge and learning.

Sir, regrettably, the honourable Minister of State for Religious Affairs in his summing up for the discussion of the Reports for 1977-78, did not seem to truly appreciate the spirit behind one's suggestions for '*Ijtehad*'. I think he went out of his way perhaps to unduly equate that again with obscenity, morality and modernization. In fact, he gave very absurd examples. He said have you ever heard of a dentist, sitting on an engineering council? With respect that is not the intent of my recommendations that technocrats be made full-members of the Council. My submission was that we are living in an age of unprecedented explosion of knowledge. A very fine example, Sir, is quoted by Alvin Tuffler, a futurist writer and in his book 'Future Shock', he says if you take the whole of human history, of five thousand years and you divide it into phases of 50 years each, you take the sum total of human knowledge acquired upto the 20th century and put them into the past 49 phases and you take just the knowledge that we have acquired in the past 50 years, and put it on one end of the scale, this 50 years outweighs all the past recorded history of humanity and this is not just a vague charge, it can be actually computerised and calculated. Therefore, my submission is that we are now living in an unprecedented age. Therefore, the Council's composition should reflect this change. A brief example, Sir, for instance, scientists today are studying phenomena that exists for only one trillionth of a second. The total span of existence of the earth or the universe is one trillionth of a second. No. 2, Sir, while we used to be part of the process of evolution, the human species, we have now come to a stage that we are beginning to design the process of evolution. Through the use of DNA, we have synthecized two different cells of two different species. We have created a totaly novel life form, and we ourselves are not able to understand what is going to be the implication of this tremendous growth in human knowledge. I am not suggesting that this science is anti-thetical to Islam. I see all these discoveries as part of Islam but I suggest that we need to learn about this. Scientists in the Western world and in Japan, cannot keep pace with their own research, leave alone people in Pakistan. So, when one suggests a change or an extension of the composition of the Council........*(interruption)*.

**Mr. Shad Muhammad Khan**: Point of order, Sir, whether he is relevant on the point of *Aqaid-o-Ibbadat*.

**[Mr. Javed Jabbar]**

حضور والا! اس چیز کا کیا تعلق ہے، ہمارا عقیدہ خدا پر ہونا چاہیئے، روز قیامت جزاو سزا پر ہونا چاہیئے۔ -------

**Mr. Chairman:** He is suggesting that the composition of the Islamic Ideology Council should be different.

**Mr. Javed Jabbar:** Not at all, Sir. I am about to conclude. Thank you.

**Mr. Chairman:** Go ahead.

**Mr. Javed Jabbar:** I am just saying Sir, that the start of this century as a result of Einstein's theory, Sir, the whole concept of time has changed, from being absolute to being compressable and stretchable. First, second is determined by the velocity of the observer. Now this is the first time that this concept was recognized by the Muslims and the Christians in the twentieth century, and we are living in an age where we have poax, poazas, plazma rockets. We don't know what the world is going to become? So, therefore, Sir, '*Ijtehad*' rather than '*Taqleed*' is dynamic. It takes us forward as Qazi Latif sahib said yesterday and Prof. Khurshid has said, "we want to go forward"; we also want to go forward. We, who may think of ourselves as being different from Qazi sahib and Khurshid sahib, are not saying that we want to leave the Quran or abandon the Quran. We are also Muslims. we also want to travel in the same direction, but we feel that there is a greater need for scientific rationality in our approach to religion. Sir, a major instance I see, I am sure there are explanations and I have come across those explanations, but Sir, with respect, in the Quran there are references to slavery, but we live in a world where there is no slavery. Sir, but this does not mean that the Quran is incorrect. The Quran referred to a fact that was true of that period. Similarly, if there are ways in which we can take the spirit of the Quran, I think the Council would do us a great service in recognizing that. There are six fundamental principles. In the view of a writer such as Asif Faizi and I think it should go on record, he thinks that these six fundamental principles should be the basis for scientific interpretation of Islam. No. 1: Study of History of Religions. I am sure the Council has already studied the religions but this must be a comprehensive study. No.

2: The comparative study of the religions of the semitic races which occupied the Middle-East. No. 3: Study of the Semitic languages and philology that is equally wide. No. 4: The distinction between codified law and religion as we have inherited it from the revealed scriptures. No. 5: The study and review of *Shariat*. No. 6: The re-interpretation of cosmology and scientific facts. Sir, we wish to help the Council in preparing that how to apply Islamic principles for the twenty-first century. Thank you Sir.

**Mr. Chairman:** Thank you.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب چیئرمین! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان جب اسلام میں داخل ہوتا ہے تو اس کے اندر ایک عظیم انقلاب اسکے سامنے برپا ہوتا ہے اور اسکے پیش نظر یہی ہوتا ہے کہ میرا مرنا اور جینا صرف اور صرف اسلام ہی کے لئے ہے۔ اسمیں مسلمان اور کافر میں یہ فرق محسوس ہوتا ہے کہ کافر اور مشرک تو اللہ تبارک وتعالیٰ کا باغی ہوتا ہے اور مسلمان اللہ تبارک تعالیٰ کا فرمانبردار ہوتا ہے وہ پہلا کلمہ پڑھتا ہے لاالہ الا اللہ محمد الرسول اللہ۔ جس کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ توحید پر مشتمل ہے اور دوسرا حصہ رسالت پر۔ پہلے حصے کو اگر انسان مانتا ہے تو مسلمان بنتا ہے اور اگر دوسرے حصے سے انکار کرتا ہے تو اسکا ایمان کامل نہیں بن سکتا۔ چنانچہ اس طرح اگر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی رسالت کا اقرار تو کرتا ہے لیکن اللہ کی وحدانیت کا اقرار نہیں کرتا تو پھر وہ کامل مسلمان نہیں بن سکتا۔ اس لئے اللہ تبارک تعالیٰ نے مسلمان کے لئے بنیادی شرط یہ رکھی ہے کہ میری وحدانیت کا اقرار اور حضور خاتم النبین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نبوت کا اقرار کہ وہ میرا آخری نبی ہے۔

اسی طرح پھر آتے ہیں نماز کی طرف کہ واقیمو الصلوۃ واتوا الزکوٰۃ کہ وہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور پھر وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ وارکعوا مع الرراکعین رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کیا کرو۔ جماعت کے ساتھ نماز میں فضیلت زیادہ ہے اور تنہائی میں اس کی فضیلت الگ ہے لیکن اسکے ساتھ ساتھ یہ شرط بھی رکھی ہے کہ نماز کے بنیادی شرائط بھی پورے ہوں، وہ شرائط وہ charter of demands وہ نماز سے پہلے انسان سے یہ مطالبہ کرتی ہیں کہ آپ نے وضو کرنا ہے آپکے کپڑے بھی صاف ہوں اور جہاں سجدہ ریز ہونا ہے وہ جگہ بھی صاف ہو تو تب جا کر وہ نماز ادا ہو سکتی ہے اور کوئی شخص

[Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel]

کوئی حکمران ، کوئی صدر ، وزیر قانون ، قانون و آئین میں یہ ترمیم کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا کہ وہ یہ کہے کہ بغیر وضو کے نماز جائز ہے یا کپڑے ناپاک ہوں تو انکے ساتھ آکر آپ نماز ادا کریں تو وہ نماز ادا ہو سکتی ہے یا جہاں گرد و غبار کے ڈھیر لگے ہوں وہ وہاں سجدہ ریز ہوں تو نماز ہو سکتی ہے ؟ اس لئے کہ نماز کا ایک بہت بڑا وسیع دائرہ ہے کہ جب تک اسکی تمام شرائط تسلیم نہ کریں اور اس کے charter of demands پر مکمل طور پر عمل در آمد نہ کیا جائے ، تو نماز ہو نہیں سکتی۔

اسی طرح ہم اگر اپنے معاشرے میں جہاں ہم نماز پڑھتے ہیں اور جہاں ہم دفاتر میں کام کرتے ہیں اسکی شرائط پر اللہ کے خوف اور جذبے کے ساتھ کاربند ہوں کہ واقعی ہم میں خوف ہے ، اخلاص ہے اور اسی طرح سے ہم نے اللہ کے سامنے جوابدہ ہونا ہے اگر کوئی دکاندار ہے تو اسکی دکان میں بھی وہی اسلامی نظام قائم ہو ، اگر کوئی کارخانے میں ہے تو کارخانے میں بھی وہی عقیدہ ہو ، جہاں کوئی روزے سے ہو اسکی بھی شرائط پوری کرے۔ یہی اسلام کا ایک بنیادی اور درخشاں اصول ہے جو انسان کو بتاتا ہے اور اگر اس پر عمل در آمد کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں ایک صحیح معاشرہ اور صحیح اسلامی شریعت قائم ہو سکتی ہے۔

اسی طرح اگر ہم یہ کہیں کہ ریڈیو اور TV پر صرف اذان ہم سنتے ہیں لیکن صبح کے وقت TV پر اذان کیوں نہیں ہوتی ، تو یہ کیا ہے ؟ اس لئے کہ وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہم خواب خرگوش میں ہوں تو اذان ہو ، تو کیا صبح کی نماز کی اذان معاف ہے ؟ پانچ وقت اذان بنیادی شرط ہے۔ ہم اگر ریڈیو اور TV کو ایک وقت کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ تو کیا اسکو پانچ وقت بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ تو صرف چار وقت کیلئے کیوں یہ امتیاز ہے ؟ اگر ہمیں اسلامی نظام قائم کرنا ہے تو پھر ہمیں صحیح طور پر ہر جگہ ہر لمحہ اسلامی نظام قائم کرنا ہو گا۔ یہی ہمارے لئے مشعل راہ ہو گا اور ہم دین کی سربلندی کے لئے کام کریں گے۔

اسی طرح اگر ہم دینی مدارس کو یہ کہیں کہ ہم دینی مدارس میں اللہ کے دین کے لئے کام کریں تو واقعی دینی درسگاہیں ، دینی مدارس اسلامی قلعے ہیں اور ان قلعوں سے ہمیشہ اسلام روشن ہوا ہے اور ہمیشہ شمع مصطفویؐ اجاگر ہوئی ہے۔ اور انکو ہم اگر زیادہ اہمیت دیں اور اسلامی ریاست اسکو زیادہ سے زیادہ اہمیت دے تو میں نہیں سمجھتا کہ اس ملک میں صحیح طور پر معاشرے

میں سے خرابیاں دور کیوں نہیں ہو سکتی ہیں۔ ہو سکتی ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ اخلاص، محبت اور یگانگت کی ضرورت ہے اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں صحیح طور پر قرآن و سنت کی بالادستی قائم ہو تو انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں کہ اس ملک میں صحیح طور پر اسلامی انقلاب برپا ہو گا۔ شکریہ۔

سردار خضر حیات خان: جناب چیئرمین! اس عقائد و عبادات کے مسئلہ پر میرے فاضل رفقائے کار نے بڑی جامع اور مدلل تقاریر فرمائی ہیں۔ میں اس ضمن میں صرف ایک بات کہنا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں جہاں اسلامی نظریاتی کونسل نے بڑا اچھا اور واضح کام کیا ہے ایک مسئلے کی طرف نہ انکی توجہ دلائی گئی ہے اور نہ ہی اس نے خود توجہ دی ہے۔ وہ یہ ہے کہ فرقہ واریت کو ختم کرنے کے لئے نظریاتی کونسل نے کوئی تجویز پیش نہیں کی۔ عقائد اور عبادات کے ضمن میں فرقہ واریت کو ختم کرنا سب سے ضروری اور اہم فریضہ ہے۔ اگر ایسا نہ ہوا تو یہ ملک کے لئے بھی نقصان دہ ہے اور اسلامی نظام بھی اس وقت تک نہیں چل سکے گا جب تک ہم اس ملک سے فرقہ واریت کو ختم نہ کر دیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہم نے مساجد کے انتظام کے لئے بھی سوچنا ہے اور اسلامی نظریاتی کونسل نے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی ہے۔ جناب والا! آپ بھی جانتے ہیں کہ مسجد شروع سے لے کر آج تک سب سے زیادہ قابل احترام اور مسلمانوں کے ملنے جلنے کی جگہ ہے۔ اعمال کی جگہ اور امن کی جگہ ہے۔ لیکن بدقسمتی سے فرقہ واریت نے اسے آپس کے جھگڑے کی جگہ بنا دیا ہے۔ لوگ مسجدوں کو جھگڑے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ یہاں تک ہوتا ہے کہ ایک فرقہ کے آدمی کو دوسرے فرقہ کی مسجد میں جانے سے روکا جاتا ہے۔ حالانکہ حکم یہ تھا کہ تمام آدمی خانہ خدا میں جا سکتے ہیں لیکن بدقسمتی سے آج یہ نوبت آگئی ہے کہ ایک فرقے کے لوگ دوسرے فرقے کے لوگوں کو مسجد میں جانے سے روکتے ہیں۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ حکومت اس طرف توجہ دے۔ فرقہ واریت کو ختم کرنے کے لئے تمام ذرائع استعمال کئے جائیں۔ تاکہ لوگوں میں ہم آہنگی، اتحاد اور اتفاق پیدا ہو اور اس کے ساتھ پاکستان ترقی کے راستے پر تب ہی چل سکتا ہے جب ملک میں اتحاد ہو اور منافرتیں ختم ہو جائیں۔ ہم نے ۱۹۴۷ء میں تمام فرقوں کو نظرانداز کر کے صرف اسلام کے نام پر پاکستان حاصل کیا تھا۔ آج بھی ہم پاکستان کو ترقی، اسی صورت میں دے سکتے ہیں کہ فرقہ واریت کو ختم کریں، اس لئے میں سمجھتا

[Sardar Khizar Hayat Khan]

ہوں کہ اسلامی نظریاتی کونسل نے اس امر پر توجہ نہ دے کر اسلام کے لئے جو پورا کام انجام دینا چاہیئے تھا وہ نہ دے سکی' اب بھی وقت ہے کہ حکومت ان سے اس سلسلے میں رپورٹ طلب کرے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ اور کوئی صاحب جہاں تک مسجدوں کی نگہبانی کا سلسلہ ہے تو یہ بہت پہلے ظفر علی خان مرحوم تک جاتا ہے۔ ہم ان دنوں کالج میں پڑھتے تھے' لاہور میں ایک مسجد کے سلسلے میں ان دنوں بڑا ہنگامہ ہو رہا تھا اس سلسلے میں ان کو قید کر دیا گیا۔ مجھے ابھی تک ان کا وہ شعر یاد ہے کہ

حق کے اظہار کی پاداش میں انگریزوں نے
کرم آباد میں پھر مجھ کو نظر بند کیا
جرم یہ تھا کہ مساجد کی نگہبانی کو
قوم نے تابع احکام خداوند کیا

اگر مساجد کی نگہبانی احکام خداوند کے تحت آپ کر دیں تو کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی سے اپیل کی ضرورت نہیں ہے خود بخود معاملہ طے ہو جائے گا' اجلاس کو نماز مغرب کے لئے ۳۰-۶ تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

*[The House Adjourned for Maghrab Prayers]*

[The House Re-Assembled after interval with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair]

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اگر اور کوئی صاحب اس موضوع پر اظہار خیال کرنا چاہتے ہوں تو آج آخری موقع ہے اور اس کے لئے ہمارے پاس زیادہ سے زیادہ وقت بھی آدھ گھنٹہ ہی ہو گا کیونکہ اس کے بعد متحدہ امارات کے ایک امیر صاحب تشریف لائے ہیں' ان کی ضیافت ہے جس میں کئی حضرات کو جانا ہو گا۔ فرمائیے اگر کوئی بولنے کے لئے تیار ہے یا اس موضوع کو پھر ختم کرتے ہیں۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) شیریں دل خان نیازی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب والا! میں صرف چند منٹ آپ کے لوں گا۔ میرے خیال میں اس وقت دنیا میں چالیس سے زیادہ اسلامی ممالک ہیں۔ جہاں تک میں نے تحقیق کی ہے ان میں سے کسی ملک میں' سوائے دو کے' قران کا آئین نہیں ہے۔ ہم سب روزے بھی رکھتے ہیں۔ نمازیں بھی پڑھتے ہیں' حج پر بھی جاتے ہیں'

زکوٰۃ بھی دیتے ہیں مگر باوجود اس کے ہماری نمازیں قبول نہیں ہوتیں۔ میرے خیال میں تو یہ بہتر ہوگا کہ یہ جو اسلامی نظریاتی کونسل ہے یہ یا ہم ایک کمیشن مقرر کریں جو یہ معلوم کرے کہ اسباب زوال امت کیا ہیں؟ ہماری نمازیں اللہ تعالیٰ کیوں قبول نہیں کرتا؟ ہندوستان میں بھی دس کروڑ مسلمان رہتے ہیں وہ بھی یہی کچھ کرتے ہیں۔ لیکن ہم بنیادی چیز پر نہیں پہنچتے کہ اس کی اصلی وجہ کیا ہے۔

قرآن میں انسان کی دو قسمیں بیان کی گئی ہیں ایک وہ جو خدا کی کتاب کو مانتا ہے وہ مومن ہے، دوسرا وہ جو کتاب کو نہیں مانتا وہ غیر مسلم ہے۔ تیسری کیٹیگری میں شاید منافق کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ ہم مومن ہیں یا نہیں ہیں؟ کیا ہم ایماندار ہیں؟ ایمان بالغیب پر یقین رکھتے ہیں؟ آخرت پر یقین رکھتے ہیں؟ یہ ایسے سوال ہیں جو خاندان سے شروع ہو کر قوموں تک جاتے ہیں۔ خاندان میں والد کی حیثیت بہت واضح ہے کہ اس پر بچوں کے کردار بنانے کی بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ مسلمانوں کو مسجد میں جانے کے علاوہ بھی چوبیس گھنٹے مسلمان ہونا چاہیئے۔ اب یہ کردار بنانے میں والد کا کتنا ہاتھ ہے؟ کیا کچھ وہ کرتا ہے؟ جب گھر کا ماحول ہی ہمارا اسلامی نہیں ہے تو ہم اپنے محلے میں اسلام نہیں لاسکتے۔ پہلے ہمیں اپنے گھر میں اسلام لانا ہے پھر معاشرے میں اور پھر اس طرح سے آگے جائیں گے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کی کئی باتیں ایسی ہیں جن پر عمل کرنا چاہیئے لیکن میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ ہمارے پاس کافی ریٹائرڈ جج صاحبان ہیں ان کا کمیشن مقرر کیا جائے اور وہ ان رپورٹوں کو دیکھ لیں کہ ان کو کب تک اور کیسے بل کی شکل میں لاسکتے ہیں۔

میرے ایک دوست نے فرمایا کہ فرقے زیادہ ہو گئے ہیں ان فرقوں کو ختم کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ ہم سب جمع ہو جائیں۔ میرے خیال میں ۹۰ فی صد ایسے مکاتب فکر ہیں جو ہمارے ساتھ اتفاق کرتے ہیں صرف دس فی صد کو اختلاف ہوگا۔ ان دس فی صد کو علیحدہ کیجئے اور ایک سنتہ بنالیجئے۔ ہمارے پاس قرآن بھی ہو جائے گا اور سنتہ بھی ہو جائے گا اور ہم اتفاق سے آگے بڑھ سکیں گے۔ میں نے کردار کا جو ذکر کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم حقیقی معنوں میں خدا کی کتاب پر عمل نہیں کرتے۔ باتیں تو ہم زیادہ کرتے ہیں اور سارا دن ضائع کرتے ہیں۔

اب ہماری دینی درسگاہیں ہیں۔ مساجد اور دینی درسگاہوں سے ہم آگے جاسکتے ہیں۔ دینی درسگاہوں کا سلیبس آج سے چھ آٹھ سو سال پرانا ہے۔ اور اس کے لئے بھی ایک کمیشن

[Maj. Gen. (Retd.), Shirin Dil Khan Niazi]

مقرر کیجئے کہ وہ نصاب کیا ہونا چاہیئے اس کو اپ ٹوڈیٹ کیا جائے اور نقائص کو سامنے لایا جائے کہ کہاں کہاں ہمارے سلیبس میں نقص ہیں ۔ قرآن شریف کا ترجمہ بھی کیا جائے ' صرف ناظرہ پڑھنے سے یا صرف سننے سے ہم مسلمان نہیں ہو سکتے ۔ تفکر اور تدبر پر زور دینا چاہیئے ۔ ہر معاملے پر سوچ سمجھ کر عمل کرنا چاہیئے ۔

ابھی جیسا کہ ہمارے ایک معزز سینیٹر صاحب نے مساجد کا ذکر کیا ' میں مولوی صاحبان کا بڑے احترام سے ذکر کرنا چاہتا ہوں ' مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ ۷۵ فی صد ہمارے پیش امام (مساجد کے ) ان پڑھ ہیں ' ان پڑھ مولوی صاحبان سے نماز پڑھوانا تو ٹھیک ہے مگر باقی علوم پر وہ ہمیں کیا سمجھائیں گے ؟ جتنی مساجد پاکستان میں ہیں ان کو رجسٹر کیا جائے ' ان کے پیش اماموں کو باقاعدہ تنخواہ دی جائے اور جتنے بھی مولوی صاحبان ہیں ان کو باقاعدہ تعلیم دی جائے ۔ اگر یہ نہیں ہو سکتا تو ہم اسلامی معاشرے کو کبھی قائم نہیں کر سکتے ۔ ابھی اسلامی نظام عدل پر جب بات ہو گی اس کے لئے بھی میری یہی تجویز ہو گی کہ اگر علماء صاحبان کو ہم قرآن کی تعلیم پر نہیں لا سکتے ہیں تو جو جونیئر جج ہیں ' مجسٹریٹس ہیں ' ان کو ایک سال کا کورس ہر جگہ کرایا جائے اور قرآن میں کوئی سات سورتیں ہیں جن کے اوپر اگر عمل کیا جائے تو اسلامی شریعت ہم جلدی لا سکتے ہیں ۔ میرا اپنا خیال ہے کہ ان بنیادی چیزوں کو جب تک ہم نہ tackle کریں کہ ہم اپنا گھر ' اپنی یہ مسجد اور اپنی دینی درسگاہوں کو ٹھیک نہ کریں ۔ ہم اسلام نہیں لا سکتے ' بہت بہت شکریہ

<u>جناب چیئرمین:</u> بہت بہت شکریہ ' جناب چشتی صاحب ۔

<u>جناب ذوالفقار علی چشتی:</u> بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ' جناب چیئرمین صاحب ! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے وقت مرحمت فرمایا ۔ عقائد اور عبادات کے سلسلے میں ' میں پہلے عقیدے کے متعلق گزارش کروں گا ۔ مسلمان کے لئے ایک ہی عقیدہ ہے " ایک اللہ اور ایک رسول پر ایمان لانا ' وحدانیت کا ذکر سب سے پہلے ہے ۔ اب ہمارے ملک میں کیا ہو رہا ہے کہ ہم تفرقہ بازی کا شکار ہو چکے ہیں ' کہیں پر بریلوی دیوبندی ہے تو کہیں اہل حدیث اور اہل تشیع ہے ۔ اس کے متعلق ہمارے ملحقہ ممالک میں ایران میں اور سعودی عرب میں ایک ہی جگہ مساجد میں نماز پڑھی جاتی ہے ۔ اہل تشیع کی مساجد میں اہل سنت بھی نماز پڑھتے ہیں اور سعودی عرب میں ایک ہی امام کے پیچھے اہل تشیع بھی پڑھتے ہیں اور اہل حدیث بھی پڑھتے ہیں ۔ دیوبندی

بھی پڑھتے ہیں اور بریلوی بھی پڑھتے ہیں۔ تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ بات پاکستان میں کیوں رائج نہیں کی جاتی؟ یہاں بھی اگر حکومت حکم جاری کر دے کہ مساجد میں یہ تفرقہ بازی نہیں ہو گی اور اپنی مرضی سے امام مسجد کا تقرر کر دیا جائے تو یہ جھگڑا ختم کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ یہ تقرر اسلام میں ممنوع ہے لیکن ایسے معاملوں میں جہاں کہ تفرقہ پڑتا ہو وہاں پر سختی کی جانی چاہئے اور جہاں تک عبادات کا تعلق ہے، نماز کا حکم پہلے ہے لیکن میں افسوس کے ساتھ کہتا ہوں اگرچہ صدارتی حکم نامے بھی جاری ہوئے کہ دفتروں میں نماز پڑھی جائے لیکن دفتروں میں عمل نہیں کیا جاتا۔ ہمارے جو ستون ہیں یعنی ہمارے جو وزرائے کرام ہیں وہی نمازیں نہیں پڑھتے تو دوسرے لوگ کیسے نمازیں پڑھیں گے۔ اگر سیکرٹری دفتر میں نماز پڑھتا ہو گا تو اس کے چپڑاسی بھی پڑھیں گے۔ اب کچھ ایسی چیزیں بھی ہیں، جیسے میں کئی دن سے دیکھ رہا ہوں جناب والا! آپ بھی نماز پڑھتے ہیں تو سر ننگا ہوتا ہے۔ بازار میں بھی ننگے سر پھرنا مکروہ ہے تو نماز پڑھتے وقت اگر سر پر ٹوپی نہیں ہو گی، تو وہ نماز بھی مکروہ ہو گی۔ لہٰذا میری گزارش ہے کہ جب نماز پڑھنی ہے تو نماز کے لئے بہت سی چیزوں پر آپ کو عمل کرنا پڑے گا۔ آپ کو صاف ستھرا ہونا پڑے گا۔ اس میں آپ کا ایمان جو ہے وہ مکمل ہونا چاہئے۔ آپ کی نیت صاف ہونی چاہئے۔ آپ حرام کی روزی نہ کھائیں۔ حلال روزی کھائیں تو تب آپ کی جو عبادت ہے وہ مکمل عبادت ہو گی۔

میری گزارش یہ ہے کہ سب سے پہلے آپ اوپر سے ہر چیز پر عمل کریں۔ آپ سادہ زندگی اختیار کریں اور نماز کی پابندی تمام دفاتر میں ہر صورت میں ہونی چاہئے۔ تاکہ آپ کی دیکھا دیکھی باقی لوگ بھی جو آئیں گے، آپ کے پاس کام کے لئے، وہ بھی نماز کے پابند ہوں گے۔ جب نماز کے پابند ہوں گے تو وہ بری نیت چھوڑ دیں گے وہ رشوت کی طرف راغب نہیں ہوں گے۔ وہ اپنے آپ کو پاک صاف رکھیں گے۔ تو میں اس کے ساتھ یہ گزارش کروں گا کہ پہلے دفتروں میں پابندی کی جائے اور اس کے بعد سکولوں میں پابندی کی جائے اور اس کے بعد جیسے اقامت الصلوٰۃ قائم کی ہے اس پر بھی دھیان دیا جائے دیہات میں بھی اگر اس کی پابندی کریں گے تو لوگ جوق در جوق مساجد کی طرف رجوع کریں گے اور برائی کی طرف راغب نہیں ہوں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

<u>جناب چیئرمین:</u> شکریہ، جناب شاد محمد خان صاحب۔

<u>جناب شاد محمد خان:</u> جناب چیئرمین! یہ بحث مباحثہ کچھ ایسی ڈگر پر چلا گیا ہے کہ از سر نو

[Mr. Shad Muhammad Khan]

عقائد و عبادات کی تبلیغ کی جا رہی ہے اس ہاؤس میں ، مجھے یہ امید ہے کہ اس سے ہر ایک مسلمان اصولی طور پر واقف ہے کہ اس کا کیا عقیدہ ہے اور کیا ہونا چاہئے عقیدے کے بعد عبادات کا کیا تعلق ہے ، لہٰذا بہتر یہ ہوتا کہ یہ بات اس حد تک محدود کی جاتی کہ سفارشات کی روشنی میں کیا سفارش کی گئی ہے ، اس پر کہاں تک عملدر آمد ہوا ہے اور اس میں مزید کیا اصلاح کی ضرورت ہے ؟

اب حضور والا ! ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اگر ہم راسخ العقیدہ ہوں گے تو ہمارا یہ ایمان مستحکم ہو گا کہ ہم مسلمان ہیں اور خدا کو وحدہ ، لاشریک جانتے ہیں ۔ تمام رسولوں ، پیغمبروں ، قرآن اور جملہ کتابوں کو برحق مانتے ہیں ، فرشتوں کو برحق مانتے ہیں اور موت پر ہمارا اعتقاد ہے ، اور روز جزا پر ہمارا یہ اعتقاد ہے کہ ہمیں خدا کے سامنے پیش ہونا ہے اور جوابدہ ہونا ہے ۔ ابھی اشارتاً یہ بات کہی گئی تھی کہ ہماری نمازیں منظور نہیں ہوتیں ۔ جناب والا ! اگر ہماری نماز ، نماز ہو گی تو ہم برے کام نہیں کریں گے اور جب ہم برے کاموں سے باز نہیں آتے تو جیسا شاہ ولی اللہ صاحب نے حجتہ البالغہ میں کہا ہے کہ اسی لئے ہماری نماز نماز نہیں کہ اس میں وہ خضوع و خشوع نہیں ہے ، لہٰذا آپ یہ سمجھ جائیں گے کہ ہماری نماز قبول ہے یا نا قبول ہے ۔ اب رہی یہ بات کہ حکومت پر اس ضمن میں کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے یہ رپورٹیں سات سال سے آ رہی ہیں حضور والا ! ان پر کہاں تک عمل ہوا ہے اور کہاں تک عمل میں پیش رفت نہیں ہوئی ، عقائد پر حکومت اچھی طرح کام کر رہی ہے ۔ ممکن ہے ان میں سے اکثر لوگ روشنی کا پروگرام جو صبح سویرے ہوتا ہے ، اس میں عقائد و عبادات بھی اور اس میں مشہور مشہور قصے بھی آتے ہیں اور وہ اصلاح کے لئے نہایت اچھا عمل ہے اور اس پر عمل کیا جا رہا ہے ، ٹی وی پر بھی آیات قرآنی کی تشہیر کی جاتی ہے اور ہمیں یہ احساس دلایا جاتا ہے کہ ہمیں مسلمان ہونا چاہئے ، ہمیں قطع رحمی سے پرہیز کرنا چاہئے اور جاننا چاہئے کہ صلہ رحمی کا کیا مطلب ہے پڑوسیوں کے کیا حقوق ہیں ؟ اس لئے ، یہ کام بھی برابر ہو رہا ہے ۔

جناب والا ! اب عبادات کے بعد راسخ العقیدہ ہونے کے لئے ذرائع ابلاغ سے ہمیں تقویت ملے گی جو حکومت کر رہی ہے ، ہم امید رکھتے ہیں کہ حکومت اس میں مزید پیش رفت کرے گی ۔ تو اس کے بعد نماز کے متعلق کافی پیش رفت ہوئی ہے ۔ احکامات جاری ہو چکے ہیں ۔ میں

دفتروں میں بھی دیکھ کر آتا ہوں ۔ میں یہ نہیں کہوں گا کہ سارے دفتروں میں ہوتی ہے ' بہرکیف سیکریٹریٹ میں باقاعدہ دوپہر کی نماز اور چار بجے کی نماز با جماعت پڑھی جاتی ہے تو یہ نہایت حوصلہ افزا امر ہے ۔ اس کے بعد جناب والا ! گاؤں گاؤں میں ناظمین صلوٰۃ مقرر کئے گئے ہیں 'اس وقت تو کافی پیش رفت ہوئی لیکن اب لوگ اس سے غافل ہو گئے ۔ للٰہذا حکومت کو ایک دفعہ پھر اس کام کو از سر نو جاری کرنا چاہئے اور ان لوگوں کو زیادہ تقویت دینی چاہئے تا کہ جس خوف سے مجلس شوریٰ کے زمانے میں لوگ مسجدوں میں آکر نماز پڑھا کرتے تھے اس میں پھر لگ جائیں اور اصلاح معاشرہ ہو۔

ایتائے زکوٰۃ کے متعلق بھی کافی پیش رفت ہوئی ہے ۔ آرڈیننس جاری ہو چکے ہیں اس پر بل بھی بن چکے ہیں 'عملدر آمد ہو رہا ہے ' زکوٰۃ وصول کی جا رہی ہے ' عشر وصول کیا جا رہا ہے لیکن اس میں اصلاح طلب امر یہ ہے کہ آیا زکوٰۃ کا مصرف صحیح ہے یا نہیں اور وہ قابل اصلاح ہے اور اصلاح طلب ہے ۔ جناب والا ! میں یہاں یہ تجویز کروں گا کہ زکوٰۃ کے مصرف پر کلی طور پر اس نظریئے کو اجاگر نہیں کرنا چاہئے کہ یہ خلاف شرع ہے یا خلاف شرع نہیں ۔ چند مستحقین کو زکوٰۃ کے پیسے دے کر جب تک آپ ان کو اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی سہولتیں فراہم نہیں کریں گے ' اصلاح معاشرہ نہیں ہو سکے گی ۔ گداگری کی لعنت سے ہم چھوٹ نہیں سکیں گے ۔ یہ لعنت ہمارے گلے پڑی رہے گی ۔ للٰہذا میں یہ تجویز کروں گا جناب والا ! کہ سب سے پہلے محتاج خانے بنائے جائیں اور اس کے بعد حکومت کو چاہئے کہ علاقے میں کوئی انڈسٹری develop کرے تا کہ محتاج لوگ اس سے جا کر کے فائدہ اٹھا سکیں ۔ حضور والا ! یہ امر تسلی بخش ہے کہ حکومت نے کافی اقدامات کئے ہیں اور میں درخواست کروں گا کہ حکومت آئندہ بھی مزید کام کرے تا کہ اس معاشرے کی اصلاح ہو سکے اور یہ ایک صحیح اسلامی معاشرہ بن سکے ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ' جناب حسن اے شیخ صاحب ۔

**Mr. Hasan A. Shaikh:** My friend Mr. Chishti has almost provoked me to say something.

**Mr. Chairman:** Please.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** This whole question has to be considered from this point of view that if you can not tolerate a

**[Mr. Hasan A. Shaikh]**

difference of opinion by a person saying his '*Nimaz*' in which he considers himself quite justified in his own manner, the other person should not criticise him. Quaid-e-Azam was once asked who is a *Musilman,* he said, go and ask the gentleman about whom you have any doubt. If he says, I am *Musilman* accept him. It is a matter between him and his God to determine whether he is a *Musilman* or not. Therefore, if you, Sir, or I say my prayers without a cap, it does not matter at all. As long as you sincerely believe that you are following all the requirements for the purposes of *Nimaz*. I have seen hundreds of people in Muslim countries, in Egypt, in Baghdad, in Saudi Arabia without caps and saying their prayers. So, we have made Islam very complicated. It is more complicated than the lawyers' law. The lawyers' law is so complicated that unless you go to a senior advocate, you cannot have your case properly placed before the court. Because there are so many complications; so many points; so many involvements. We are making Islam so complicated that a simple Muslim like me who considers himself a sinner will not be prepared to say that I am actually following Islam. Because somebody else might find out some mistakes somewhere in what I do.

This, question that we go to the mosques of *shiahs* or *shiahs* come to our mosques did not exist at all before Pakistan came into being. I am sorry to say, my lord, with all apologies to my friends here who belong to *Jamaat-i-Islami* that:

Firstly, this question was posed by their presence in certain areas. They said their prayers separately from others. There is another *Jamiaat-i-ulama-i-Pakistan* about whom it is said that they say their prayers quite separate from other Muslims. Why they do it? They probably believe what they are doing is correct. But what I feel is that we should not complicate Islam in such a fashion that a sinner Muslim like me, does not consider himself a proper Muslim. What is Islam? Say your prayers, you observe fast, pay *Zakat* and do your other requirements of Islam and when you do that, you are a Muslim. How is it some gentlemen said: *Zakat* should be paid, the poor houses should be opened. I know it perfectly Sir, that in Karachi, there is a Blindmen's Institute. The blinds are brought there for about four years to learn the brill character. They learn for four years then they stay there. Then they don't move out of their Institute at all. No fresh

persons can be brought and they are there for some years. If you teach them some vocation they don't bother. Because the best vocation is asking for alms, going for begging. They make lot of money even from begging. Why should they go for vocation where they will get small Pittance on which they can only exist. This is, Sir, almost everywhere in this country. Whereas I know *Mather-e-Millat* started widows homes in Karachi. Widows were supposed to be there for some years, then they should find out some shelter and they should go. Those who came first 99% of them did not move out of these widows' homes, with the result that these homes could not cater to the needs of the real widows.

I know a case, Sir, of Gen. Azam when he was Minister of Rehabilitation. The Minister of Rehabilitation had some lacks of rupees for distribution amongst the widows. As soon as, Azam came to know about it, he said: Oh! I will start distributing money to the widows from tomorrow and he started. On the fourth day, a Policeman came, saluted and told him Sir, you have given 10 widows Rs. 100 each. All of them had come alongwith their husbands, they were standing outside, and they have taken Rs. 100. Thus these things are misused. Because what we are really doing is insisting upon the rituals. We are not insisting upon good character.

In my submission, I may be excused by the *Ulemas*; I may be excused by others: Quaid-e-Azam was a better Muslim than many of the *Ulemas*. Because he sincerely believed in Islam. He sincerely followed Islam. He did not give any assurance of anything which he did not keep. And that is exactly what Islamic character requires. All that I say is, I don't go after these rituals only. Try to create character. All the *Pesh-Imams* of thousands of these mosques say their prayers five times a day. Is it not compulsory on them or is it not mandatory on them to pray? But do they do anything more than what Islam requires them to do? What else do they do? No. They do nothing else. They only lead the prayers as *Imam*, go away and sleep. Or go on whiling away their time. Unless we create this force of lacs of people, we cannot meet the challenge of Christianity and other co-religions. All such forces and missioneries are working day and night. I think, the best way to meet this challenge is to try to inculcate good character in Muslims. Islam should be the embodiment of good character, honestliving, simple living and high thinking. Thank you, Sir.

**Mr. Chairman:** Thank you very much.

جناب بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین صاحب! اس وقت اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ اس معزز ایوان کے سامنے بحث کے لئے پیش ہے جس میں عقائد اور عبادات کا موضوع اس وقت زیر بحث ہے۔ میں اس سلسلے میں بہت مختصر اور اپنی دانست کے مطابق sincerely ایک simple اور عام مسلمان کی حیثیت سے میں اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں کہ اس پر کچھ کہوں۔ جہاں تک اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ کا تعلق ہے یہ بات شبہ سے بالکل بالا ہے کہ اس کونسل کے ممبروں نے جس عرق ریزی سے، جس محنت سے اور جس جہد سے کام کیا ہے وہ قابل داد ہے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ پر اس ملک کے اندر اپنی حیثیت کے مطابق کس حد تک عملدرآمد کرا سکتے ہیں۔ میں آپ کی خدمت میں ایک مختصر پس منظر کے ساتھ اس بات کی وضاحت کرنا مناسب سمجھونگا۔

جہاں تک شریعت کا تعلق ہے اللہ کے فضل و کرم سے میں پاکستان کے اس خطے سے تعلق رکھتا ہوں جہاں پاکستان بننے سے پہلے ہم ایک اسلامی ریاست میں رہتے تھے جس کا نام قلات تھا، اور ریاست قلات میں عدالتی نظام، شرعی نظام ہوا کرتا تھا، اور وہاں پر وزارت معارف ہوا کرتی تھی، ادھر دو طریقوں سے لوگوں کے کیسز چلتے تھے، شرعی لحاظ سے بھی اور رسم و رواج کے لحاظ سے بھی، لیکن وہ لوگ جن کے کیسز شرعی عدالتوں میں ریفر ہوتے تھے وہ اپنے آپ کو بہت ہی خوش قسمت سمجھتے تھے، کہ ان کے ساتھ شریعت کے مطابق انصاف کیا جائے گا، اسلامی شرعی عدالت کا جہاں تک تعلق ہے یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے جس کو ہم انٹروڈیوس کر رہے ہیں یہ وہ چیز ہے جس کے لئے مسلمان خواہ پاکستان کے کسی بھی حصے میں رہتے ہوں، وہ نہ صرف ذہنی طور پر اس کے لئے تیار ہیں بلکہ وہ اسکو بہت ہی خوش آمدید کہیں گے تاکہ انکو جلد از جلد صحیح انصاف مل جائے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں تک موجودہ عدالتی نظام کا تعلق ہے۔ یا ہم قوانین کی کتابوں کے تحت عدل و انصاف کے لئے دوڑتے ہیں وہ سب قوانین ایک سامراجی حکمران کے تاج و تخت کے تحفظ کے لئے بنائے گئے تھے۔ ان قوانین کے تحت صرف تابعدار لوگوں کا ذہن پیدا کرنا مقصود تھا اور ایک آزاد قوم، اور آزاد خیال معاشرہ پیدا کرنا مقصود نہیں تھا۔

اب چونکہ اللہ کے فضل و کرم سے ہماری اس آزادی کو ۳۸ برس گزر چکے ہیں اگر ہم نے نفاذ اسلام کا فیصلہ کر رکھا ہے اور یقیناً کر رکھا ہے کیونکہ اگر کا سوال تو اسمیں پیدا نہیں ہوتا ہم ایک آزاد اسلامی ملک کے نہ صرف باشندے ہیں بلکہ مالک ہیں۔ باشندے کی بات اور ہوتی ہے اور مالک کی بات اور ہوتی ہے، جب ہم خود کو اس سرزمین کا مالک کہتے ہیں یا تصور کرتے ہیں تو پھر یہ بھی ہمارے اوپر لازم ہے کہ ہم اپنے معاشرے کے لئے وہ قوانین adopt کریں وہ قوانین بنائیں جو کہ ہماری آزادی اور دینی اور مذہبی روح کے مطابق ہوں۔ یہ وہ بنیادی بات ہے جس سے کہ نہ کسی کو اختلاف ہے اور نہ اس نظام کے نافذ ہونے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش ہے اور نہ کسی شخص کو اعتراض کی جسارت ہو سکتی ہے۔ اب صرف ایک بات جسکی طرف میرے محترم سینٹر حسن اے شیخ نے اشارہ فرمایا اور بالکل واضح انداز میں فرمایا۔ کہ ایک عام مسلمان کے لئے، میں انتہائی معذرت کے ساتھ عرض کرتا ہوں، کیونکہ علمائے دین کا جہاں تک تعلق ہے میں انتہائی احترام کے ساتھ انکو نائب رسولؐ سمجھتا ہوں۔ وہ ہمارے پیغمبرؐ کے دین کے نائب ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اس دین کو، اس دین کی صحیح روشنی کو لوگوں میں پھیلانا ہے اور اسکے صحیح رخ کی طرف لے جانا ہے مگر انتہائی افسوس کے ساتھ مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے عقائد و عبادات کے زمرے میں کہ ایک عام مسلمان کو بہت مشکل درپیش ہوتی ہے کہ وہ کس مسجد میں نماز پڑھے جناب! کس مسلک کے پیچھے چلے کس طرف وہ اپنا رخ متعین کرے حالانکہ بنیادی طور پر اسلام سادگی کا دوسرا نام ہے ہم سب اسکا دعویٰ کرتے ہیں علمائے کرام بھی اسکا دعویٰ کرتے ہیں مگر ہوتا یہ ہے کہ اس کی صحیح رہنمائی نہیں ہوتی اس سلسلے میں، میں آپکی وساطت سے گورنمنٹ سے بھی اور علمائے کرام سے بھی یہ گزارش کرونگا کہ کم از کم عقائد و عبادات کے سلسلے میں عام مسلمان کی صحیح رہنمائی کی جائے اور صحیح رہنمائی کے لئے ہم صرف علمائے کرام کی طرف دیکھتے ہیں۔ مگر مجھے جناب یہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ایک شہر کے اندر بلکہ ایک ہی مجلس میں اذان کے وقت تین مختلف جگھوں پر نماز کے لئے جماعتیں کھڑی ہوتی ہیں اب ایک عام مسلمان کے لئے بڑا مشکل ہوتا ہے کہ کس جماعت میں جا کر کھڑا ہو۔ اس سلسلے میں علمائے کرام کا بھی بہت فرض بنتا ہے کہ وہ اسلام کو اسکے صحیح رخ سے پیش کریں اور پاکستانی عوام کی صحیح رہنمائی کریں یہ انکا فرض بنتا ہے اور اس معاشرے کا انکے اوپر حق بنتا ہے کہ وہ نائب رسولؐ کی حیثیت سے اپنا فرض ادا کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ ۔ جناب حسین بخش بنگلزئی کی اسی تقریر کے ساتھ عبادات و عقائد پر یہ بحث ختم کی جاتی ہے لیکن پیشتر اسکے کہ میں آئندہ اجلاس کے وقت کا اعلان کروں یا عرض کروں کہ آئندہ کس موضوع پر بات ہوگی ۔ میں مناسب سمجھتا ہوں ایک سوال جس کا جواب نہیں دیا گیا، اپنی طرف سے جواب دے دوں ۔ جناب شیریں دل خان نیازی نے اور کچھ حد تک شاد محمد خان نے سوال اٹھایا ہے کہ ہماری نمازیں قبول کیوں نہیں ہوتیں؟ میری نظر میں اسکی دو وجوہ ہیں ۔ ایک تو ہے کہ

ے دل چاہتا نہ ہو تو دعا میں اثر کہاں

یعنی جب تک خلوص، عجز و انکساری، خشوع و خضوع جسکے ساتھ نماز ادا کرنے کا حق ہے اگر وہ نہیں تو میرے خیال میں قبولیت ذرا دور کی بات ہو جائیگی لیکن دوسری وجہ میں اپنے ذاتی تجربے کی quote کرتا ہوں، بنوں کا ضلع جس سے میرا ذاتی تعلق ہے جغرافیائی اور آب و ہوا کے لحاظ سے کچھ عجیب سا واقع ہوا ہے سخت گرمی ہوتی ہے تمام گرمیوں میں کبھی بارش نہیں ہوتی، سردی میں سخت سردی ہوتی ہے لیکن جب بارش شروع ہوتی ہے پھر ہفتہ دس دن چلتی رہتی ہے ہمارے ایک مولانا صاحب تھے انہیں خدا بخشے ایک دن حجرے میں بیٹھے ہوئے کہہ رہے تھے کہ تم بنوں کے لوگ سخت خدا رسیدہ لوگ ہو، پوچھا وہ کیسے؟ انہوں نے کہا کہ جو تمہاری دعا ہوتی ہے وہ اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے کہتے ہیں کہ دعا ضرور قبول ہوتی ہے لیکن تمہیں صبر نہیں ہے دعا تاخیر سے قبول ہوتی ہے، کیونکہ تم تمام گرمیوں میں دعا کرتے ہو کہ خدایا بارش ہو، بارش ہو۔ چھ مہینے کے بعد قبول ہو جاتی ہے اور پھر بارش اس حد تک ہوتی ہے کہ پھر دعائیں کرتے ہو کہ خدایا یہ بارش ایک قطرہ بھی نہ ہو تو خداوند تعالیٰ پھر سن لیتا ہے اگلے چھ مہینے کے لئے بارش نہیں ہوتی تو دعا کی قبولیت میں بھی ایک وقت مقرر ہوتا ہے تو اسکے لئے ذرا انتظار کرنا پڑتا ہے۔

آئندہ نظام کار کے لئے پرائیویٹ ممبرز ڈے کے طور پر اتوار ساڑھے چھ بجے اجلاس دوبارہ ہو گا۔ اور اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کے سلسلے میں اگلا موضوع نظام عدل و انصاف کا ہو گا۔ ان الفاظ کے ساتھ آج کا اجلاس ختم کیا جاتا ہے۔

Next on Sunday at 6.30 p.m. as private members day.

بہت بہت شکریہ ۔

---

*[The House adjourned to meet again at half past six of the clock in the evening on Sunday, March 2, 1986.]*

---

PCPPI—2534(86) Senate—28-2-87.